روزنامہ

وطن

بڈگام

WATTAN

The Urdu Daily

اتوار

30 جون 2024

SUNDAY

30-JUNE-2024

صفحہ 08 بابر اور شاہین کے الگ الگ گروپ

صفحہ 08 "لاڈلے" بھارت سے خصوصی سلوک

The Urdu Daily WATTAN Budgam ■ RNI No. JKURD/2011/37141 ■ Vol: 14 | No: 141 | Pages: 08 ■ قیمت: 02 روپے ■ صفحات: 08 ■ شمارہ نمبر: 141 ■ جلد: 14 ■

مشرقی لداخ میں ایل اے سی کے قریب فوجی ٹینک حادثے کی شکار

جے سی او سمیت 5 ہلکار ہلاک

کرنٹ اور پانی کی سطح زیادہ ہونے کی وجہ سے بچاؤ آپریشن کامیاب نہیں ہو سکا

سرینگر/29 جون//

صوبے لداخ میں حقیقی کنٹرول لائن کے نزدیک المناک حادثے میں جونیئر کمیشنڈ آفیسر سمیت پانچ فوجی اہلکار ہلاک ہو گئے ہیں۔ دفاعی ترجمان نے افسوسناک واقعہ کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ مشرقی لداخ کے ساسر برنگسا کے قریب دریائے شیوک میں اچانک پانی میں اضافہ کی وجہ سے پانچ فوجیوں کی جان چلی گئی۔ انہوں نے تمام اہلکاروں کو زبردست الفاظ میں خراج پیش کیا ہے۔ سی این آئی کے مطابق مشرقی لداخ میں حقیقی کنٹرول لائن کے قریب ایک المناک حادثہ پیش آیا جس دوران پانچ فوجی اہلکاروں کی جان چلی گئی ہے۔ دفاعی ذرائع کے مطابق کرگل کے لیہ ضلع میں مندر موڑ کے قریب حقیقی کنٹرول لائن کے قریب ٹینک حادثے کا شکار ہونے سے پانچ فوجیوں جن میں ایک جونیئر کمیشنڈ آفیسر بھی شامل تھا ہلاک ہو گیا۔ انہوں نے بتایا کہ یہ واقعہ صبح 3 بجے کے قریب پیش آیا اور تمام فوجیوں کی نعشیں برآمد کر لی گئی ہے۔ دفاعی ترجمان نے اسکی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ مشرقی لداخ میں دریائے شیوک میں پانی کی سطح بڑھنے سے 5 فوجی اہلکاروں کی موت ہوئی۔ فوج کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ 28 جون 2024 کی رات ایک فوجی تربیتی سرگرمی سے دستبرداری کے دوران مشرقی لداخ کے ساسر برنگسا کے قریب دریائے شیوک میں ایک آرمی ٹینک سے ٹکرا گیا جس کی وجہ سے پانی کی سطح میں اچانک اضافہ ہوا۔ اس نے کہا کہ بچاؤ ٹیمیں جائے وقوع پر پہنچ گئیں، تاہم 101

لداخ حادثہ؛ وزیر اعظم، راجناتھ اور امیت شاہ کا اظہار دکھ

قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جائے گا اور لواحقین کے ساتھ دکھ میں برابر کے شریک

سرینگر/29 جون//

صدر جمہوریہ، وزیر اعظم نریندر مودی، وزیر داخلہ امیت شاہ، وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور فوجی سربراہ جنرل منوج پانڈے سمیت دیگر لیڈران نے لداخ حادثے میں پانچ فوجی اہلکاروں کی ہلاکت پر افسوس اور دکھ کا اظہار کیا ہے۔ سی این آئی کے مطابق مشرقی لداخ میں حقیقی کنٹرول لائن پر المناک حادثے میں پانچ فوجی اہلکاروں کی ہلاکت پر رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا کہ پوری قوم ان بہادر سپاہیوں کے لواحقین کے ساتھ غم میں برابر کے شریک ہے۔ انہوں نے کہا کہ فوجی اہلکاروں کی قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جائے گا۔ راجناتھ سنگھ نے کہا کہ لداخ ایک المناک اور بدقسمتی سڑک حادثے 102

سرکاری زمین پر ڈھانچہ ہٹانے گئی پولیس ٹیم پر حملہ

ڈی ایس پی سمیت نصف درجن پولیس اہلکار زخمی

سرینگر/29 جون//

سرکاری زمین پر غیر قانونی تعمیرات ہٹانے گئی پولیس ٹیم پر حملہ کیا گیا۔ ہفتہ کی صبح پولیس اور انتظامیہ کی ایک ٹیم کٹھوعہ کی تحصیل شہر سے ملحق کلیان پور پدری میں سرکاری زمین پر ہو رہی غیر قانونی تعمیرات کو ہٹانے گئی۔ اسی دوران کچھ لوگوں نے پولیس پر حملہ کر دیا۔ وائس آف انڈیا کے مطابق سرکاری زمین پر غیر قانونی تعمیرات ہٹانے گئی پولیس ٹیم پر حملہ کیا گیا۔ جموں ڈویژن کے کٹھوعہ ضلع میں ایک پولیس ٹیم پر حملہ کیا گیا جو سرکاری زمین پر ایک ڈھانچہ ہٹانے گئی تھی۔ ہفتہ کی صبح پولیس اور انتظامیہ کی ایک ٹیم ضلع کٹھوعہ کے تحصیل شہر سے ملحق کلیان پور پدری میں سرکاری زمین پر ہو رہی غیر قانونی تعمیرات کو ہٹانے گئی۔ اس دوران ایک خاص برادری کے لوگوں نے پولیس پر حملہ کیا۔ جس سے ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر سمیت نصف درجن پولیس اہلکار زخمی ہو گئے۔ کچھ اور لوگ زخمی بھی ہوئے ہیں۔ بتایا جا رہا ہے 103

وزیر اعظم نریندر مودی کا دورہ روس اور آسٹریلیا اور دیگر ذاتی مصروفیات

شنگھائی تعاون تنظیم کے سالانہ سربراہی اجلاس میں شامل نہ ہونے کا لیا فیصلہ

سرینگر/29 جون//

وزیر اعظم نریندر مودی کے دورہ روس اور آسٹریلیا کے پیش نظر وہ اگلے ہفتے آستانہ میں ہونے والے شنگھائی تعاون تنظیم کے سالانہ سربراہی اجلاس میں شرکت نہیں کریں گے جبکہ ان کی جگہ وزیر خارجہ ایس جے شنکر بھارت کی نمائندگی کریں گے۔ سی این آئی مانیٹرنگ ڈیسک کے مطابق وزیر خارجہ ایس جے شنکر اگلے ہفتے آستانہ میں ہونے والے شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) کے سالانہ سربراہی اجلاس میں ہندوستان کی نمائندگی کریں گے کیونکہ وزیر اعظم نریندر مودی نے آسٹریلیا اور روس دورے/ 105

نیٹ پیپر لیک معاملہ گجرات میں چھاپہ ماری

سرینگر/29 جون//

نیٹ پیپر لیک معاملے میں جانچ کی کارروائی سی بی آئی کی طرف سے بہت تیز کر دی گئی ہے۔ گجرات کے 4 اضلاع میں 7 مقامات پر سی بی آئی نے ہفتہ کی صبح چھاپہ ماری کی۔ اس سے قبل سی بی آئی نے جھارکھنڈ کے ہزاری باغ میں جمعہ کو چھاپہ ماری و پوچھ تاچھ کے بعد کچھ لوگوں کو گرفتار کیا تھا۔ وائس آف انڈیا 104

اجازت کے بغیر اسٹیشن سے نکلنے کا شاخسانہ

نائب تحصیلدار پہلگام معطل تحقیقات شروع

سرینگر/29 جون//

امرناتھ یاترا کے دوران بغیر اجازت اسٹیشن چھوڑنے کی پاداش میں انتظامیہ نے نائب تحصیلدار پہلگام کو معطل کیا ہے اور اس معاملے کی تحقیقات کیلئے انکوائری ٹیم تشکیل دی ہے۔ سی این آئی کے مطابق حکام نے نائب تحصیلدار پہلگام کو بغیر اجازت اسٹیشن سے باہر نکلنے اور سالانہ امرناتھ یاترا کو سبوتاژ کرنے پر معطل کر دیا ہے۔ اس ضمن میں ڈپٹی کمشنر اننت ناگ کی جانب سے جاری ایک حکمنامے کے مطابق اویس عامر نائب تحصیلدار پہلگام کو بغیر اجازت کے اسٹیشن چھوڑنے اور جاری سالانہ امرناتھ یاترا 2024 کو سبوتاژ کرنے پر معطل کیا گیا ہے۔ دریں اثناء سب 106

بھارت میں پانی کی مقدار کم ہوتی جا رہی ہے: سروے

سرینگر/29 جون//

بھارت میں پانی کے حوالے سے مجاز ادارے انڈس ریور سسٹم اتھارٹی (ارسا) کے مطابق مئی کے آخر میں بھارت کے ڈیموں میں پانی کم ترین سطح پر پہنچ گیا ہے۔ ارسا کے مطابق ڈیموں میں جتنا پانی آ رہا ہے، وہ تقریباً سارا یا اس سے کچھ کم زیادہ ملکی ضروریات کے لیے ڈیموں سے استعمال کیا جا رہا ہے۔ ارسا کے مطابق 20 مئی کو مجموعی طور پر ڈیموں میں 0.344 ملین ایکڑ فٹ پانی موجود تھا جبکہ 28 مئی کو یہ 0.115 ملین ایکڑ فٹ رہ گیا۔ آٹھ دن میں بھارت کے ڈیموں میں پانی کی سطح میں ریکارڈ کمی دیکھنے میں آئی ہے۔ اس سے قبل ارسا کی جانب سے 20 مئی کو بتایا گیا تھا کہ پانی کے منبع کے علاقوں اور سکردو میں درجہ حرارت میں اونچ نیچ سامنے آ رہی ہے جس وجہ سے پانی کے مسائل پیدا ہو رہے ہیں۔ ارسا کے مطابق اس وقت پانی کی قلت 40 سے 50 فیصد ہے جس کو مجموعی طور پر صوبوں پر تقسیم کیا جائے گا۔ بین الاقوامی ادارے مرکز برائے مربوط ترقی پہاڑی علاقہ جات (آئی سی آئی ایم او ڈی) کے آبی وسائل اور موسمیاتی تبدیلی کے ماہر ڈاکٹر فیصل معین قمر کے مطابق 25 مئی کی سیٹلائٹ تصاویر کی مدد سے ہم اخذ کر رہے ہیں کہ اس سال تربیلا اور منگلا میں گذشتہ دو برسوں کے مقابلے میں پانی کم آ رہا ہے۔ ڈاکٹر فیصل معین 107

امرناتھ یاترا؛ وزیر اعظم کی جانب سے نیک خواہشات کا اظہار

4603 یاتریوں پر مشتمل پہلا جتھا پہلگام نون بن کیمپ سے گھپا کی طرف روانہ

سرینگر/29 جون//

بم بم بولے کے نعروں اور کثیر سطحی سیکورٹی حصار کے بیچ سالانہ امرناتھ یاترا شروع ہونے کے ساتھ ہی 4603 یاتریوں پر مشتمل پہلا جتھا پہلگام میں نون وان بیس کیمپ سے گھپا کی طرف روانہ ہوا۔ اس دوران یاتریوں کی ایک بڑی تعداد پہلے ہی پہلگام اور بال تل کے بیس کیمپوں تک پہنچ چکی ہے اور بال تل سے گھپا کی طرف پہلے جتھے کو درشن کیلئے روانہ کیا گیا۔ ادھر وزیر اعظم 108

فوج کی بہادری سے جدید ٹیکنکی آلات سے اب بھارت

کمزور ملک نہیں رہا فوج کی بہادری سے ہمارا سینہ فخر سے چوڑا ہو گیا ہے

سرینگر/29 جون//

فوج کی بہادری سے جدید ٹیکنکی آلات سے اب بھارت اب کمزور ملک نہیں رہا ہے کا دعویٰ کرتے ہوئے فوجی سربراہ جنرل منوج پانڈے نے کہا کہ چین اور پاکستان کے خلاف فوج کی بہادری سے ہمارا سینہ فخر سے چوڑا ہو گیا۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کی کوئی طاقت ہندوستان کی طرف سے آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھ سکتی ہے۔ کیونکہ اب ہم کمزور نہیں رہے، بلکہ دنیا کا طاقتور ملک بن چکے ہیں۔ سی این آئی مانیٹرنگ کے مطابق پونے میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے فوجی سربراہ جنرل منوج پانڈے نے کہا کہ چین ہو یا پاکستان 109

درخشاں اندرابی کا سرینگر میں سیرت کانفرنس سے خطاب

پیغمبر اسلام نے انسانیت کو امن اور ہم آہنگی کا پیغام دیا: وقف چیئر پرسن

سرینگر/29 جون//

وقف چیئر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے موجودہ دور میں نوجوانوں کو اسلام اور حضور اقدسؐ کی تعلیمات سے بہرور کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ پیغمبر الاسلام کی سیرت مبارک ہمارے لئے مشعل راہ ہے اور ان کی تعلیمات پر چل کر ہی نوجوان سماجی جرائم سے دور رہ سکتی ہے۔ موصوفہ سرینگر میں ایک سیرتی تقریب میں ایک بڑے اجتماع سے خطاب کر رہی تھیں۔ وائس آف انڈیا کے مطابق جموں و کشمیر وقف بورڈ (ایم او ایس) چیئر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے آج سری نگر کی عالی مسجد حول 110

سرینگر کے ڈلگیٹ علاقے میں قائم امراض

چھاتی کے اسپتال کو سونہ وار منتقل کرنے میں تاخیر

سرینگر/29 جون//

سرینگر کے ڈلگیٹ علاقے میں قائم امراض چھاتی کے اسپتال کو سونہ وار سرینگر منتقل کرنے میں تاخیر پر مریضوں اور مقامی لوگوں نے شدید ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ اسپتال کو جلد از جلد منتقل کیا جائے تاکہ مریضوں کو آسائش حاصل ہو سکے۔ سی این آئی کو نمائندے نے تفصیلات فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ سونہ وار سرینگر میں بچوں کیلئے مختص اسپتال جی بی پنتھ اسپتال کو گزشتہ سال سونہ وار سے بمنہ منتقل کیا گیا جس کے بعد یہ اعلان کیا گیا کہ امراض چھاتی اسپتال جو کہ ڈلگیٹ علاقے میں قائم ہے کو وہاں منتقل کیا جائے گا تاہم طویل عرصہ گزرنے کے باوجود بھی ابھی تک 111

بانہال سے بڈگام تک ریل کے ذریعے سفر کرنیوالے مسافروں کیلئے آسائش

شمالی ریلوے نے خصوصی ریل سروس "وسٹاڈوم ٹرین" کو یکم جولائی سے 30 ستمبر بڑھانے کا اعلان

سرینگر/29 جون//

مسافروں کی آسائش کیلئے شمالی ریلوے نے بڈگام سے بانہال تک چلنے والی خصوصی ریل سروس "وسٹاڈوم ٹرین" کو یکم جولائی سے 30 ستمبر بڑھانے کا اعلان کیا۔ سی این آئی کے مطابق شمالی ریلوے نے بڈگام سے بانہال تک چلنے والی خصوصی ریل گاڑی کو 30 ستمبر جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ چیف پبلک ریلیشن آفیسر، دیپک کمار نے بتایا کہ ریلوے نے "وسٹاڈوم ٹرین سروس کو بڈگام سے بانہال اسپیشل میں یکم جولائی سے 30 ستمبر 2024 تک بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے"۔ انہوں نے کہا کہ یہ سروس جو کہ ابتدائی طور پر یکم اپریل 2024 سے 30 جون 2024 تک چلتی تھی اب یکم جولائی 2024 سے 30 ستمبر 2024 تک جاری رہے گی۔ کمار نے بتایا کہ "ٹرین نمبر 04688 بڈگام سے بانہال اسپیشل کیلئے سروس کو 112

عبدالمجید ٹاک محکمہ فشریز کا انچارج ڈائریکٹر مقرر

سرینگر/29 جون//

جموں و کشمیر حکومت نے عبدالمجید ٹاک کی بطور محکمہ فشریز کے انچارج ڈائریکٹر کی تقرری کو منظوری دے دی ہے۔ سی این آئی کے مطابق جموں کشمیر انتظامیہ کی جانب سے جاری ایک حکمنامہ میں عبدالمجید ٹاک کو محکمہ فشریز کا انچارج ڈائریکٹر مقرر کیا گیا ہے۔ ٹاک جو اس وقت فشریز محکمہ کے انچارج جوائنٹ ڈائریکٹر کے طور پر خدمات انجام دے 113

وادی میں امسال ریکارڈ توڑ سیاحتی سرگرمیاں

سیاحتی شعبہ سے وابستہ افراد خوش، تھجواس ٹاپ پر سیلانیوں کا بھاری رش

سرینگر/29 جون//

وادی کشمیر میں جہاں سیاحتی سرگرمیاں عروج پر رہے ہیں وہی مشہور سیاحتی مرکز تھجواس ٹاپ اب پورے ملک اور جموں و کشمیر میں بڑھتے ہوئے درجہ حرارت کی وجہ سے سیاحوں کی بڑی آمد کا مشاہدہ کر رہا ہے۔ امسال ابھی تک قریب دو لاکھ سے زائد سیاحوں نے تھجواس ٹاپ کا دورہ کر کے قدرتی نظاروں کا لطف لیا۔ سی این آئی کے مطابق رواں برس سیاحوں کی آمد و رفت میں اضافہ دیکھنے کو 114

موسم سرما، ہم کیسے صحت منداور توانا رہ سکتے ہیں

جب موسم سرما اپنے جوبن پہ آتا ہے تو پھر بچے، بوڑھے اور جوان کی تفریق کیے بغیر سبھی انسانوں کو متاثر کرتا ہے۔ البتہ بچے اور بوڑھے جوانوں کی نسبت کمزور قوت مدافعت کے حامل ہونے کی وجہ سے موسمی شدت کے نرغے میں جلدی پھنس جاتے ہیں۔ ایسے میں ہم صرف اور صرف احتیاطی تدابیر اور حفاظتی تراکیب اپنا کر ہی موسمی شدت سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔

ہمارے گھروں کے کچن میں استعمال ہونے والے اکثر غذائی اجزاء اپنی شفائی صلاحیتوں کے بل بوتے ہمیں سردی کی شدت سے محفوظ رکھنے میں بنیادی اہمیت کے حامل ہیں۔ بدقسمتی سے ہم ماڈرن ازم کی چمک میں گم ہو کر اپنی روایت کو فراموش کرتے جا رہے ہیں۔

پیاز، لہسن، پودینہ، اجوائن، دارچینی، لونگ، بڑی الائچی، چھوٹی الائچی، کالی مرچ، ادرک، زعفران، ہینگ، جائفل، جاوتری، سونف، زیرہ سفید، زیرہ سیاہ اور کلونجی وغیرہ جیسے قوت، حدت اور لذت کے ساتھ ساتھ صحت کی خوبیوں سے مالا مال غذائی اجزاء ہر گھر کے کچن میں ہر وقت وافر مقدار میں پائے جاتے ہیں۔ ہم وثوق سے کہتے ہیں کہ اگر ہمیں مذکورہ اجزاء کے استعمال کا ادراک ہو جائے تو ہمارے بزرگ یورک ایسڈ، کولیسٹرول، بلڈ پریشر، ذیابیطس، بدہضمی، قبض، گیس، تبخیر، اعصابی، ذہنی اور جسمانی کمزوری جیسے تمام امراض سے محفوظ ہو جائیں۔

دارچینی اعصابی، دماغی اور عام جسمانی کمزوری کے خاتمے کے لیے ایک بہترین جنرل ٹانک ہے۔ ایک گرام دارچینی دودھ میں پکا کر پینا بے حد فوائد کا باعث بنتی ہے۔ کالی مرچ ذہنی اور بصری تقویت کے ساتھ ساتھ ہاضمے کے لیے ایک عمدہ دوا ہے۔ سانس کی نالیوں میں پھنسی بلغم کو نکالنے کے لیے کمال مخرج بلغم کا کردار نبھاتی ہے۔ خالص شہد کے ایک پاؤ میں ایک چمچ پسی ہوئی کالی مرچ ملا کر دن میں تین بار ایک چمچ شہد چاٹ لیا کریں۔ ادرک، لونگ، زعفران، پیاز اور لہسن نہ صرف جسم کو توانائی اور گرمی پہنچانے کا قدرتی ذریعہ ہیں بلکہ کولیسٹرول اور یورک ایسڈ کی بڑھی ہوئی مقدار کو متوازن کرنے میں بھی بہترین نتائج کی حامل نباتات ہیں۔ بزرگ افراد کلونجی پسی ہوئی ایک چمچ ایک چمچ شہد میں مکس کر کے رات سوتے وقت نیم گرم دودھ کے ساتھ کھائیں تو انہیں بوڑھاپے کے اثرات بد سے نجات ملتی ہے۔ فلفل دراز جنہیں عرف عام میں مگھاں کہا جاتا ہے۔ 100 گرام فلفل دراز کا سفوف 200 ملی گرام شہد میں مرکب بنا کر ناشتے کے بعد دو سے تین گرام نیم گرم دودھ کے ساتھ کھانے سے بوڑھاپے کے مسائل سے محفوظ رکھتا ہے۔ ایسے بزرگ افراد جنہیں رات سوتے وقت خشک کھانسی بہت ستاتی ہے انہیں چاہیے کہ الائچی کلاں ایک عدد، الائچی خورد ایک عدد، مرچ سیاہ تین دانے اور ادرک ایک گرام ایک کپ پانی میں اچھی طرح پکا کر خالص شہد ملا کر بطور قہوہ پی لیا کریں۔ خشک کھانسی سے نجات میسر آئے گی۔

جوڑوں کے درد، کمر درد اور اعصابی کمزوری سے چھٹکارا پانے کے لیے مغز بادام، مغز چلغوزہ، مغز اخروٹ، مغز پستہ اور مغز فندق ہم وزن سفوف بنا کر حسب ذائقہ دیسی شکر کر صبح وشام دودھ میں ایک چمچ ملا کر استعمال کریں۔ انشاءاللہ تمام بدنی عوارض سے افاقہ ہوگا۔ اسی طرح بڑی الائچی اور چھوٹی الائچی ہم وزن کا سفوف ایک چمچ پاؤ شہد میں ملا کر شدید، خشک اور پرانی کھانسی سے نجات دلانے میں کمال فوائد کا مظاہرہ کرتی ہے۔ سردی کے موسم میں ادرک، اجوائن، زیرہ اور الائچی کلاں کا قہوہ پینا بھی سردی سے جڑے کئی مسائل ختم کرنے کا بہترین ذریعہ ثابت ہوتا ہے۔ زعفران کے چند ذرات دودھ میں ابال کر پینا موسمی شدت اور سردی کے اثرات سے بچاتا ہے۔ اسی طرح بچوں کو سردی سے بچانے کے لیے کلونجی 100 گرام پیس کر ایک پاؤ شہد میں ملا کر حسب عمر نیم گرم دودھ میں ملا کر استعمال کرانے سے ہر طرح کی کمزوری اور بیماری سے چھٹکارا میسر آتا ہے۔

تمباکو کے پودے سے انسانی معالجاتی پروٹین حاصل کرنے میں اہم کامیابی

کینیڈا: ہمارے گردے ایک اہم معالجاتی پروٹین تیار کرتے ہیں اور اب اسے تمباکو کے پودے سے بڑی مقدار میں حاصل کرنے کی راہ ہموار ہوئی ہے۔ 'انٹرلیوکن 37' آئی ایل (37 پروٹین کی بہت معمولی مقدار ہی بناتے ہیں۔ یہ پروٹین جسمانی سوزش کم کرنے میں نہایت اہم کردار ادا کرتا ہے اور ساتھ ہی امنیاتی نظام کو بے عمل کرنے کی صلاحیت بھی رکھتا ہے۔ اگر یہ پروٹین بڑے پیمانے پر دستیاب ہو تو یہ کئی امراض میں شفا دے سکتا ہے کیونکہ یہ طبی خواص رکھتا ہے۔ اسی بنا پر ویسٹرن یونیورسٹی کینیڈا کے ماہرین نے تمباکو کے پودے میں اس پروٹین کے اگانے کا تجربہ کیا ہے۔ اگرچہ اس سے قبل تجربہ گاہ میں کولائی بیکٹیریا کی مدد سے آئی ایل 37 کی افزائش کے کچھ تجربات کئے گئے ہیں۔ تاہم اس ضمن میں ویسٹرن یونیورسٹی نے تمباکو کے پودے میں جینیاتی تبدیلیاں کر کے اس کے خلیات (سیلز) میں آئی ایل 37 تیار کرنے کا تجربہ کیا ہے۔ تجربہ گاہ میں اولین تجربات سے ثابت ہوا ہے کہ انٹرلیوکن 37 کی افزائش کے بعد اسے خلیات سے نکالا جا سکتا ہے اور اس تجربے کے بعد آلو اور دیگر ٹرانس جینک پودوں سے بھی یہ پروٹین حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اس پر کام کرنے والے پروفیسر شینگ وو ما کہتے ہیں، 'تمباکو تیزی سے بلند پیداوار دیتا ہے اور صرف دو ہفتے میں ہی یہ مطلوبہ پروٹین حاصل کیا جا سکتا ہے۔' سائنسداں کہتے ہیں کہ آئی ایل 37 سے اندرونی سوزش (انفلیمیشن) سمیت جن آٹو امیون بیماریوں کا علاج ممکن ہے ان میں ٹائپ ٹو ذیابیطس، فالج، ڈیمنشیا اور گٹھیا کا مرض شامل ہے۔

لیموں اور سبزیوں کا استعمال پتھریوں سے بچائے

ڈرہم، نارتھ کیرولینا: اگر آپ سبزیوں اور لیموں (بالخصوص لیموں پانی) کا استعمال بڑھاتے ہیں تو نہ صرف پتے بلکہ گردے کی پتھریوں سے بھی بچ سکتے ہیں۔ تو پہلے سبزیوں کے متعلق اہم سروے کی روداد سن لیجئے۔ نیوٹریئنٹس نامی جرنل میں شائع ہونے والی ایک تازہ تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ سبزیوں کا باقاعدہ استعمال جہاں دیگر ان گنت فوائد دیتا ہے وہیں انہیں کھانے والے افراد دیگر افراد کے مقابلے میں پتھریوں سے موثر انداز میں بچے رہتے ہیں۔ اس ضمن میں ایک تحقیقی سروے کیا گیا جس میں ایک طویل عرصے کے لیے 4,839 افراد کی غذائی عادات، کولیسٹرول کی مقدار اور پتے کے پتھریوں کے واقعات نوٹ کئے گئے۔ اس مطالعے کے بعد معلوم ہوا کہ سبزیوں پر اکتفا کرنے والی خواتین میں دیگر کے مقابلے میں پتے کی پتھری ہونے کا خطرہ چار گنا تک بڑھ جاتا ہے۔ رپورٹ سے یہ بات بھی سامنے آئی ہے کہ سبزیاں کولیسٹرول گھٹاتی ہیں اور ان میں موجود فائبر بلڈ پریشر اور شوگر سے بھی بچاتا ہے۔ سبزی خوری کا تیسرا بڑا فائدہ یہ بھی ہے کہ اس سے موٹاپا بھی لاحق نہیں ہوتا۔ اکنس دانوں نے سروے کے بعد کہا ہے کہ ایک جانب تو لیموں پانی گردے میں پتھری بننے کے عمل کو پہلے سے ہی روکتا ہے اور اگر پتھری ہو تو اس کے بڑھنے کی رفتار کو بھی سست کرتا ہے۔ اس ضمن میں یہ مشروب جادوئی اثرات رکھتا ہے یہاں تک کہ امریکی ماہر ڈاکٹر راجر سر اور جامعہ وسکانسن میں یورولوجی کے پروفیسر اسٹیون ناکاڈا لیموں پانی کو تمام دواؤں سے بھی موثر قرار دیتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ لیموں میں تمام پھلوں کے مقابلے میں سٹرک ایسڈ کی بلند مقدار پائی جاتی ہے

میں لہسن اور پیاز سرطان سے بچانے معاون ثابت

بیجنگ: آپ کے ہمارے گھر میں عام استعمال ہونے والی مشہور سبزیاں لہسن اور پیاز ہر کھانے کا حصہ ہوتی ہیں اور اب کینسر کے خلاف ان کی افادیت سامنے آگئی ہے۔ ان کے علاوہ گندنا (لیکس)، ہری پیاز، اور اس نسل سے تعلق رکھنے والی دیگر سبزیاں بھی سرطان جیسے موذی مرض کو روکنے میں معاون ثابت ہوتی ہیں کیونکہ یہ ایلیم سبزیاں ہیں۔ ان میں فلیونوئڈز، آرگینو سلفر اور دیگر اہم حیاتی اجزا پائے جاتے ہیں جو سرطانی (کینسر) خلیات کو روکنے میں مددگار ہوتے ہیں۔ چائنا میڈیکل یونیورسٹی میں واقع فرسٹ ہاسپٹل کے ماہرین نے کہا ہے کہ اگر ان سبزیوں کی تعداد بڑھا دی جائے تو لوگ آنتوں کے سرطان سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔ اسے بوول کینسر بھی کہتے ہیں جو امریکہ میں پایا جانے والا تیسرا عام کینسر ہے۔ ہم جانتے ہیں جہاں سرخ گوشت اور دیگر غذاؤں کی بہتات کینسر کی وجہ بنتی ہے تو دیگر سبزیاں اور پھل سرطان کو روک بھی سکتے ہیں۔ ماہرین نے ان کے لیے آنتوں اور معدے کے سرطان میں مبتلا 833 مریضوں اور دیگر صحتمند 833 رضاکاروں سے ان کے کھانے پینے کی عادات پر ایک طویل نامہ سوالنامہ پر کرایا تو معلوم ہوا کہ لہسن اور پیاز کھانے کی عادت بڑی حد تک معدے کے سرطان کو روکتی ہے۔ اس طرح لہسن اور پیاز کا استعمال اس طرح کے سرطان کو 80 فیصد تک روکنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

ہلدی قلب کے لیے بھی انتہائی مفید ثابت

لندن: آئے دن ہلدی کے بے تحاشہ طبی فوائد سامنے آتے رہتے ہیں اور اب ماہرین نے کہا ہے کہ ہلدی کا باقاعدہ استعمال خون کے گاڑھے پن اور انہیں لوتھڑا بننے کے عمل کو بھی روکتا ہے۔ اب معلوم ہوا ہے کہ ہلدی ایک طرح کے پلازما پروٹین کو کم کرتی ہے جسے فائبرونجین کہا جاتا ہے۔ یہ بھاری بھرکم پروٹین خون کو گاڑھا کرنے اور ان کے لوتھڑے بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اگر خون میں اس کی غیر معمولی مقدار بڑھ جائے تو دل کے امراض اور فالج جیسی بیماریاں لاحق ہو سکتی ہیں۔ اگر فائبرونجین کی مقدار بڑھ جائے تو اس سے سرطان، ذیابیطس اور بلڈ پریشر جیسے امراض بھی لاحق ہو سکتے ہیں۔ امریکا کے پروفیسر وارڈ ڈین اور لندن کے بعض ماہرین نے 3000 ایسے مریضوں کا مطالعہ کیا جن پر دل کی تکلیف یا انجائنا کا اثر ہو چکا تھا۔ ان کے مطالعے سے ثابت ہوا کہ خون میں فائبرونجین کی بلند مقدار امراض قلب کی وجہ ثابت ہوئی۔ ماہرین نے یہاں تک کہا کہ بعض مریضوں میں کولیسٹرول کی بڑھی ہوئی مقدار کے باوجود اگر فائبرونجین کی مقدار کم تھی تو ان میں دل کے امراض کی شرح کم تھی۔ اس سے معلوم ہوا کہ فائبرونجین امراض قلب کی بڑی وجہ ہو سکتا ہے۔ ماہرین نے زائد فائبرونجین والے افراد کو صرف 15 روز تک 20 ملی گرام روزانہ سرکیومن دیا جو ہلدی کا ایک طاقتور جزو ہوتا ہے۔

سردیوں میں ورزش کرنا زیادہ فائدے کا باعث

سان فرانسسکو: طبی ماہرین نے کہا ہے کہ سردیوں میں ورزش کرنا گرمیوں کے مقابل زیادہ فائدے کا باعث بنتا ہے۔ سائنسی اعتبار سے اس بات کے کئی شواہد مل چکے ہیں کہ سردیوں میں دبکے رہنے کی بجائے اگر ورزش کی جائے تو کیلوریز جلنے یا ختم ہونے کی رفتار بڑھ جاتی ہے لیکن ضروری ہے کہ آپ گھر سے باہر نکل کر ورزش کی ہمت کریں۔ اگر آپ نے اس سال 10 پاؤنڈ وزن گھٹانے کا عہد کیا ہے تو باہر نکلیں اور سرد موسم میں ورزش کریں۔ سائنس داں اس عمل کی ارتقائی وجہ بتاتے ہیں کیونکہ ہمارے جسم میں موجود بھوری چربی درحقیقت سرد اور غذائی قلت والے اوقات کے لیے ہی جمع ہوتی ہے اور اسے ختم کرنے کا بہترین موقع سردی میں ہی ملتا ہے ہم اس وقت محنت کر کے قدرے تیزی سے 'براؤن فیٹس' کم کر سکتے ہیں۔ دلچسپ بات یہ بھی ہے کہ سردی برداشت کرتے وقت بھی کیلوریز کی کچھ نہ کچھ مقدار کم ہوتی رہتی ہے کیونکہ یہ ایک قدرتی عمل ہے۔ ہارورڈ میڈیکل اسکول سے وابستہ ڈاکٹر رونلڈ کیہن جسم میں موجود بھوری اور سخت جان 'بھوری چکنائی' پر تحقیق کے لیے مشہور ہیں ان کا کہنا ہے کہ سردیوں میں دل کی دھڑکن سست ہوتی ہے اور اس میں ورزش کا فائدہ گرمیوں کے مقابلے میں زیادہ ہوتا ہے۔ اسی لیے سردیوں میں طویل دوڑ قدرے آسان ہو جاتی ہے۔ گرمیوں میں جسم خود کو ٹھنڈا رکھنے کی کوشش کرتا ہے اور یوں تھوڑی دیر دوڑنے کے بعد ہی ہمت کم ہونا شروع ہو جاتی ہے۔ سردیوں میں ہر قسم کی ورزش فائدہ مند ہوتی ہے اور سردیوں میں ورزش سے انسانی جسم میں لچک اور سخت محنت کی صلاحیت بھی پیدا ہوتی ہے۔ اگر آپ سردیوں میں برف باری والے علاقوں میں رہتے ہیں تو بیلچہ اٹھا کر برف صاف کریں کیونکہ یہ بھی ایک عمدہ ورزش ہے یا پھر جاگرز پہن کر جاگنگ شروع کر دیں اور کچھ دیر دوڑنے کی کوشش بھی کیجئے لیکن جسم کو سردی سے بچانے کے لیے مناسب لباس ضرور پہنیں۔

صحت مند زندگی کیلئے کتنا سونا چاہیے؟

کبھی کبھار ایک کامیاب یا ناکام دن کے درمیان صرف ایک گھنٹے کا فرق ہوتا ہے۔ ایک اضافی گھنٹہ سونا، ورزش کرنا یا گھنٹہ بھر دل لگا کر کام کرنا آپ کی زندگی اور کام کرنے کے انداز میں بہت بڑا فرق لا سکتا ہے۔ صبح سویرے اٹھ کر جم جانے سے لے کر رات دیر تک دفتری کام کرنا یا بستر پر لیٹ کر قسط در قسط مسلسل اپنا پسندیدہ شو دیکھنا یہ سب کچھ تقریباً ہم سب ہی کر چکے ہیں۔ عموماً ہم مختلف طریقوں سے وقت پر سونے میں تاخیر کرتے رہتے ہیں۔ تاہم اگر آپ صحت مند رہنا چاہتے ہیں تو آپ کو اپنے سونے کے لیے وقت نکالنا پڑے گا۔ کیونکہ اگر آپ صرف ایک گھنٹہ مزید سونے میں کامیاب ہو جائیں تو نہ صرف آپ بہتر محسوس کریں گے بلکہ بہتر دکھیں گے بھی اور کام بھی اچھی طرح کر سکیں گے لیکن ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ اضافی گھنٹہ کی نیند محض شروعات ہے۔ نیند کے اصل فوائد مناسب اوقات مقرر کر کے اور ہر حال میں ان پر عمل کر کے اٹھائے جا سکتے ہیں۔

ماہرین کے مطابق زیادہ سونے اور مقرر کردہ وقت پر سونے کے مختلف اور بے پناہ فوائد ہیں۔ امریکا کی جان ہوپکن یونیورسٹی کی ایسوسی ایٹ پروفیسر اور کم خوابی اور خواب آور ادویات کی ماہر ریچل سلیس کا کہنا ہے: 'آپ بہتر محسوس کریں گے، آپ زیادہ توانا ہوں گے، آپ کے خیالات بہتر ہوں گے، آپ اپنی ٹیم یا ادارے میں بہتر طرح سے فرائض سرانجام دے سکیں گے۔'

سبزیاں اور ریشے دار غذائیں، ڈپریشن بھی بھگائیں

لندن: ہم جان چکے ہیں کہ غذا اور دماغی صحت کا براہ راست تعلق ہوتا ہے۔ اب خبر یہ ہے کہ سبزیوں کے جہاں بے حساب فائدے ہیں وہیں یہ ہری نعمتیں اور فائبر والی غذائیں ڈپریشن، اداسی اور دماغی تناؤ دور کرنے میں بہت مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ اس بات کا انکشاف ایک مطالعے سے ہوا ہے جو یونیورسٹی آف مانچسٹر کے پروفیسر جوزف فرتھ اور ان کے ساتھیوں نے کی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ناقص غذا دماغی صحت کو متاثر ضرور کرتی ہے لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ درست غذا کھانے سے از خود ڈپریشن دور ہو جاتی ہے۔ اس ضمن میں 46 ہزار افراد کا ڈیٹا لیا گیا ہے جس کا تجزیہ کرتے ہوئے ماہرین نے سائیکوسومیٹک میڈیسن میں اس کی تفصیلات شائع کرائی ہیں۔ اس تحقیق میں انہوں نے کہا ہے کہ بعض غذائیں ڈپریشن کے علامات تبدیل کرتی ہیں اور ان کے بہت سے فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ اچھی بات یہ ہے کہ جو غذائیں ڈپریشن کم کرتی ہیں وہ چربی کم کرنے اور وزن گھٹانے میں بھی مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ غذا میں معمولی تبدیلی سے دماغی و اعصابی صحت میں بہتری ہوتی ہے۔ اگر اس کے ساتھ ورزش کو بھی شامل کر لیا جائے تو اس کے فوائد دوچند ہو جاتے ہیں۔ اس سروے سے ایک انکشاف یہ بھی ہوا کہ ڈپریشن زیادہ تر خواتین پر حملہ آور ہوتا ہے اور اگر خواتین سبزیوں اور ریشے دار غذاؤں کا استعمال بڑھائیں تو مردوں کے مقابلے میں خواتین کو اس کا زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔

ہڈیوں کا شوربہ بلڈ پریشر، موٹاپے اور امراض قلب میں مفید

وینزویلا: ہڈیوں اور اس کے ریشوں سے بنا سوپ نہ صرف دل کو قوت دیتا ہے بلکہ کئی طرح کے امراض کو روکنے کی صلاحیت بھی رکھتا ہے۔ اگر ہڈیوں کو گودے اور اس سے چپکے ہوئے ریشوں سمیت سرکے میں دھیرے دھیرے پکایا جائے تو اس شوربے کے کئی فوائد سامنے آتے ہیں۔ غذائی ماہرین اسے 'ایک نئی کافی' قرار دے رہے ہیں جس میں کئی طرح کے غذائی اجزا، معدنیات اور امائنو ایسڈز پائے جاتے ہیں۔ ہڈیوں کے شوربے یا سوپ میں کولاجن کی بڑی مقدار موجود ہوتی ہے جس سے جلد ہموار اور خوبصورت ہوتی ہے جبکہ جوڑوں کے افعال بہتر ہوتے ہیں تاہم کولاجن ہماری جلد تک نہیں پہنچ پاتی کیونکہ وہ نظام ہاضمہ میں ٹوٹ کر امائنو ایسڈز میں بدل جاتی ہے۔ ماہرین نے یہ نوٹ کیا کہ بھنی ہوئی ہڈیاں غالباً ایسے پروٹین خارج کرتی ہیں جو نظام ہضم کے دوران پہلے امائنو ایسڈ اور پھر پیپٹائڈز میں تقسیم ہو جاتے ہیں۔ اس پیچیدہ عمل میں جو پیپٹائڈز ملتے ہیں وہ اصل پروٹین سے قدرے مختلف ہوتے ہیں۔ وینزویلا میں انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی سے وابستہ پروفیسر لیلیسیا موریا کہتی ہیں کہ شوربے کے پیپٹائڈز دل کے لیے مفید ہوتے ہیں اور ان میں موجود تین طرح کے اینزائم (خامرے) ایسے پائے جاتے ہیں جو دل کے پورے نظام کو باقاعدہ بناتے ہیں۔ مثلاً ایک اینزائم اے سی ای ون ہائی بلڈ پریشر کو قابو میں رکھتا ہے۔

اب بالوں کے ذریعے وٹامن ڈی کی مقدار معلوم کرنا ممکن

آئرلینڈ: وٹامن ڈی ہمارے جسم کے لیے انتہائی اہم جزو ہے اور اسے ناپنے کے لیے خون کا ٹیسٹ کرنا پڑتا ہے۔ اس ضمن میں ماہرین نے بالوں کا ایک غیر تکلیف دہ ٹیسٹ وضع کیا ہے جس سے بدن میں وٹامن ڈی کی مقدار ناپی جا سکتی ہے۔ ٹرینٹی کالج ڈبلن کے ماہرین نے بالوں کا ایک ایسا ٹیسٹ تیار کیا ہے جس سے وٹامن ڈی کی مقدار اور احوال معلوم کیا جا سکتا ہے۔ کئی کیفیات میں بسا اوقات وقفے وقفے سے جسم میں وٹامن ڈی کی مقدار ناپنا ضروری ہوتی ہے اور اس کے لیے بار بار خون کے ٹیسٹ لینے پڑتے ہیں۔ اسی بنا پر بالوں کا یہ ٹیسٹ بہت موثر ثابت ہو سکتا ہے۔ ٹرینٹی کالج کی پروفیسر لینا زگاگا نے اپنے ہی ادارے کے تین ماہرین کے سر اور داڑھی کے بالوں کے نمونے لیے اور انہیں ایک سینٹی میٹر ٹکڑوں میں کاٹا پھر انہیں دھو کر خشک کیا۔ بعد ازاں 'اسٹیرائیڈ ہارمون کشید کرنے کے طریقے' کے ذریعے بالوں سے فیرمون 25 ہائیڈراکسی وٹامن ڈی کشید کیا گیا جو قدرتی طور پر بالوں میں جمع ہوتا رہتا ہے۔ یہ کیمیائی محلول جگر میں بنتا ہے اور اسے وٹامن ڈی کی پیمائش کے لیے انتہائی درستی کے ساتھ استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اگلے مرحلے میں ان اعداد کا موازنہ جسم میں وٹامن ڈی معلوم کرنے کے مروجہ خون کے ٹیسٹ سے کیا گیا تو وہ حیرت انگیز طور پر درست ثابت ہوا جو اس کے موثر ہونے کی دلیل ہے۔ علاوہ ازیں جسم کے مختلف حصوں اور مختلف اوقات میں نمونے لے کر مریض میں وٹامن ڈی کی پوری تاریخ بھی معلوم کی جا سکتی ہے جو علاج میں بہت مددگار ثابت ہو سکتی ہے۔





جوڑوں کا درد، اسباب، احتیاط اور علاج

انسان خواہ قدیم دور کا روایت پسند ہو یا جدید زمانے کا ماڈرن سوچ کا حامل، اس کی ہر دور میں وقت کے تقاضوں سے مڈبھیڑ رہی ہے۔ ہر دور کے معاشی، معاشرتی، سیاسی، اخلاقی اور بدنی مسائل جدا جدا نوعیت کے رہے ہیں۔ ماضی میں خطرناک امراض طاعون، ہیضہ، چیچک، خسرہ اور پولیو نے انسانوں کے ناک میں دم کر رکھا تھا، جدید میڈیکل سائنس نے ان پر تو قابو پا لیا مگر چند دوسرے ایسے عوارض رونما ہوئے کہ جن پر آج تک قابو نہ پایا جا سکا۔ عارضی افاقہ اگرچہ ممکن ہو سکا ہے لیکن مکمل طور پر چھٹکارا ابھی دور کی بات ہے۔ جدید دور کے جدید امراض ذیابیطس، ایڈز آرتھرائٹس اور ہیپاٹائٹس وغیرہ شامل ہیں۔ زیر نظر مضمون میں ہم آرتھرائٹس (جوڑوں کا درد) کے مختلف پہلوؤں پر بحث کریں گے۔ جوڑوں کا درد کب؟ کیوں؟ کیسے؟ اور کن افراد پر حملہ آور ہوتا ہے۔ طبی اصطلاح میں جوڑوں کے درد کو دو درجوں میں رکھا جاتا ہے۔ ایک چھوٹے جوڑوں کا درد جسے 'نقرس' کہا جاتا ہے اور دوسرے بڑے جوڑوں کا درد جسے گنٹھیا کہا جاتا ہے۔ جوڑوں کے درد کو عام افراد گنٹھیا کے نام سے ہی موسوم کرتے ہیں۔ اصول طب کے حوالے سے تو مجھے نقرس اور گنٹھیا کو الگ الگ بیان کرنا چاہیے تھا مگر عام قاری کی سہولت اور آسانی کے لیے ان دونوں کو یکجا بیان کیا جا رہا ہے۔

جوڑوں کا درد کیا ہے؟

یہ ایک موذی اور تکلیف دہ مرض ہے جس میں جوڑوں کی جھلیاں سخت ہو کر ہڈیوں کی شکل اختیار کرنے لگتی ہیں۔ جوڑوں پر ورم آ جاتا ہے۔ مرض کی شدت میں جوڑ حرکت کرنا چھوڑ دیتے ہیں اور ہڈیاں ٹیڑھی ہو جاتی ہیں۔ گنٹھیا کا زیادہ تر اظہار کہنی، گھٹنے اور ٹخنے کے جوڑ سے ہوتا ہے۔ یہ مردوں کی نسبت عورتوں میں زیادہ پایا جاتا ہے۔ اسی طرح نقرس یا چھوٹے جوڑوں کا درد ہاتھ پاؤں کی انگلیوں کے جوڑ، انگوٹھے کے جوڑ وغیرہ سے ظاہر ہوتا ہے۔ نقرس عورتوں کی نسبت مردوں میں زیادہ پایا جاتا ہے۔ جدید میڈیکل سائنس کی رو سے جوڑوں کے درد کا سب سے بڑا سبب یورک ایسڈ کو سمجھا جاتا ہے۔ علاوہ ازیں کولیسٹرول اور ٹرائی گلائسرائیڈز کی اضافی مقداریں بھی اس مرض کا ذریعہ بنتی ہیں۔ خون میں سوڈیم، پوٹاشیم اور کیلشیم کی بڑھی ہوئی مقدار بھی جوڑوں کے درد کا باعث بنتی ہے۔ نیچروپیتھی کے مطابق آتشک، سوزاک، نمونیہ، موٹاپا، چوٹ لگنا، خرابی معدہ، گوشت کا زیادہ استعمال، شراب نوشی، قبض، غذائی بے اعتدالی اور زہریلے بخاروں کے اثرات کے علاوہ سودا، صفرا، خون اور بلغم میں سے کسی ایک خلط کی طبعی مقدار سے زیادتی بھی جوڑوں کے درد کا سبب ہو سکتی ہے۔ میڈیکل پامسٹری کی رو سے ایسے افراد جو ستارہ زحل، عطارد اور شمس کے زیر اثر پیدا ہوتے ہیں یا جن کی جنم کنڈلی میں ستارہ شمس منفی پوزیشن پر دکھائی دے تو انھیں جوڑوں کے مسائل سے پالا پڑ سکتا ہے۔ اسی طرح جن افراد کے ہاتھوں میں خط زندگی کے آخر میں چھوٹی چھوٹی شاخیں پائی جائیں تو وہ بھی نقرس اور گنٹھیا جیسے مسائل کا شکار ہو سکتے ہیں۔ ایسے افراد جن کے نام کا عدد 5، 1 اور 8 ہو تو انہیں بھی جوڑوں کے درد سے پالا پڑنے کا امکان ہوتا ہے۔ خواتین میں جوڑوں کے امراض کی ایک بڑی وجہ امراض رحم اور قبل از وقت سن یاس کا شروع ہونا یا پھر رحم کا نکلوا دینا بھی ہو سکتی ہے۔ یاد رہے کہ ایسی خواتین جو بعد از زچگی ٹھنڈے گرم کا پورا خیال نہیں رکھتیں یا ایام مخصوصہ میں قبل از وقت نہا لیتی ہیں انہیں بھی جوڑوں کے درد کا سامنا رہتا ہے۔

امریکی مذہبی آزادی کی رپورٹ جھوٹی، جعلی اور من گھڑت/ اقلیتی رہنماؤں کا منہ توڑ جواب

نئی دہلی// یہ بے بنیاد ہے، فرضی ہے، من گھڑت ہے، حقائق سے دور ہے اور گمراہ کن ہے یہ صرف ہندوستان کو انتہائی خراب کرنے کی کوشش ہے۔ بس کا دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت کی زمینی حقیقت سے کوئی واسطہ اور سروکار نہیں ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ کی 2023 کی مذہبی آزادی کی رپورٹ میں ہندوستان میں اقلیتی گروہوں، خاص طور پر مسلمانوں اور عیسائیوں پر پرتشدد حملوں، قتل اور عبادت گاہوں کی توڑ پھوڑ کے دعوے کے خلاف ملک کے ممتاز اقلیتی لیڈران نے آواز بلند کی ہے۔ اس رپورٹ کو مسترد کیا ہے۔ اس میں ایسے الزامات کی تردید کی ہے۔ اس رپورٹ کو سراسر بے بنیاد مانا ہے۔ آل انڈیا صوفی سجادہ نشین کونسل کے چیئرمین اور اجمیر درگاہ کے روحانی سربراہ کے جانشین سید نصیر الدین چشتی نے امریکی مذہبی آزادی کی رپورٹ پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ رپورٹ جھوٹی، فرضی اور من گھڑت ہے۔ ہم اسے مسترد کرتے ہیں۔ ایک مسلمان ہونے کے ناطے ہم اسے مسترد کرتے ہیں۔ میں اس طرح کی رپورٹ کو مکمل طور پر مسترد کرتا ہوں، ہمارا آئین تمام مذاہب کو مکمل آزادی دیتا ہے... ہندوستان میں حکومت نے بغیر کسی پابندی کے ہر قسم کی آزادی کو یقینی بنایا ہے۔ آپ کو بتا دیں کہ 26 جون کو جاری ہونے والی بین الاقوامی مذہبی آزادی سے متعلق رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ 2023 میں، سینئر امریکی حکام نے اپنے ہندوستانی ہم منصبوں کے ساتھ مذہبی آزادی کے مسائل پر تشویش کا اظہار جاری رکھا۔ انسانی حقوق کے ماہرین کا کہنا ہے کہ حال ہی میں تیسری بار جیتنے والے وزیر اعظم نریندر مودی کے دور میں بھارت میں اقلیتوں پر حملوں میں اضافہ دیکھا گیا ہے۔ محکمہ خارجہ کی رپورٹ میں شمال مشرقی ریاست منی پور میں تشدد کا بھی حوالہ دیا گیا جو گزشتہ سال مئی میں اقلیتی، زیادہ تر عیسائی کوکی اور اکثریت، زیادہ تر ہندو، میتئی نسلی گروہوں کے درمیان شروع ہوا تھا جس میں ہندو اور عیسائی عبادت گاہوں کو تباہ کر دیا گیا۔ مقامی قبائلی رہنماؤں کے فورم کا حوالہ دیتے ہوئے رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ 250 سے زیادہ گرجا گھروں کو جلا دیا گیا، 200 سے زیادہ لوگ مارے گئے اور 60,000 زیادہ بے گھر ہوئے۔ ہندوستان کی 1.4 بلین آبادی کا تقریباً 80 فیصد ہندو ہیں۔ مسلمانوں میں 14% اور عیسائی 2% سے زیادہ شامل ہیں۔ اس معاملے میں نصیر الدین چشتی نے امریکی حکومت پر سخت تنقید کی اور کہا کہ

امریکی رپورٹ میں جو کچھ کہا گیا ہے وہ بے سر و پیر ہے گزشتہ 15 سال سے ہر مذہب کے لوگوں کو حکومت نے ہر قسم کی آزادی دی ہے۔ ہندوستان کے مسلمان ہی نہیں، عیسائی اور بدھ بھی بہت خوش ہیں۔ امریکہ کو ہندوستان کی یکجہتی اور سالمیت پر کسی قسم کی مداخلت کا حق نہیں ہے۔ اندرونی معاملات ناقابل قبول ہیں؟ انہوں نے کہا کہ معلوم نہیں امریکہ کو ایسی رپورٹیں کہاں سے آتی ہیں، یہ اتنا بڑا ملک ہے۔ چھوٹے چھوٹے واقعات ہوتے رہتے ہیں۔ لیکن میں امریکہ کو مشورہ دینا چاہتا ہوں اور بتانا چاہتا ہوں کہ یہاں کے مسلمانوں کی حالت مسلم ممالک سے بہت بہتر ہے۔ بحیثیت مسلمان میں امریکہ کو بتانا چاہتا ہوں کہ آپ کو ہندوستان کے اندرونی معاملات میں مداخلت کا کوئی حق نہیں ہے۔ ہندوستان کے مسلمان خوش ہیں۔ ملک میں آ کر حقیقت کو دیکھنا چاہیے۔ یہاں کے مسلمان ترقی کر رہے ہیں۔ حکومت نے پچھلے 15 سالوں میں مسلمانوں کی ترقی کے لیے بہت کچھ کیا ہے۔ حکومت نے مسلمانوں کے روزگار کے لیے خصوصی اسکیمیں شروع کی ہیں۔ مسلمانوں کو دیگر اسکیموں میں بھی مساوی فوائد فراہم کیے گئے ہیں۔ یہاں کسی کے ساتھ کوئی امتیازی سلوک نہیں کیا جاتا۔ ہم ایسی بے بنیاد خبروں کو یکسر مسترد کرتے ہیں۔ امریکہ میں ہمت ہے تو چین پر سوال اٹھائے، جہاں داڑھی رکھنا ممنوع ہے، جہاں مسجدیں گرائی جا رہی ہیں، جہاں کوئی نماز نہیں پڑھ سکتا، جہاں پردہ دار خواتین کو ہراساں کیا جاتا ہے۔ امریکہ اس پر بات کیوں نہیں کرتا؟ ہندوستان کے خلاف سازش ہو رہی ہے اور اسے بدنام کیا جا رہا ہے ہندوستان کے مسلمان ہندوستان کو بدنام نہیں ہونے دیں گے۔ ہندوستانی مسلمان ایک ذمہ دار شہری ہیں اور یہاں ہر طرح سے آزادی ہے۔ ہندوستانی اقلیتی فاؤنڈیشن (آئی ایم ایف) نے جمعرات کو یو ایس سی آئی آر ایف کی ہندوستان پر بین الاقوامی مذہبی آزادی کی رپورٹ کی سخت مذمت کی، یہ الزام لگایا کہ وہ ہندوستانی حکومت کو افغانستان، کیوبا، شمالی کوریا، روس جیسی "آمرانہ حکومتوں" سے تشبیہ دے کر ہندوستان کی عالمی شبیہ کو خراب کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ اور چین۔ نتیجے کے طور پر، آئی ایم ایف نے زور دے کر کہا کہ امریکی نگراں نے ہندوستان کے جمہوری فریم ورک، متحرک سول سوسائٹی اور تکثیریت کو نظر انداز کیا۔ یو ایس سی آئی آر ایف کی رپورٹ کی مذمت کرتے ہوئے ایک خط میں، آئی ایم ایف نے کہا، "افغانستان، کیوبا، شمالی کوریا، روس اور چین جیسی آمرانہ حکومتوں کے ساتھ ساتھ ہندوستان کو ٹیگ لگانے کی اس کی کوشش ہندوستان کے جمہوری ڈھانچے، متحرک سول سوسائٹی اور تکثیری تاریخ کو نظر انداز کرتی ہے۔ ہندوستان کی مذہبی آزادی کے منظر نامے کی ساکھ اور تفہیم یو ایس سی آئی آر ایف کی 2023 کی رپورٹ کا جواب دیتے ہوئے۔ جس میں ہندوستان کو "خاص تشویش کا حامل ملک" کے طور پر تجویز کیا گیا تھا، این جی او نے سوال کیا کہ آیا یو ایس سی آئی آر ایف "تازہ کے ایجنٹ" کے طور پر کام کر رہا ہے یا "ہم آہنگی کے آلے" کے طور پر۔ اس میں کہا گیا ہے کہ مذہبی آزادی کے بارے میں یو ایس سی آئی آر ایف کے اہم فیصلوں میں ہندوستان کے اتحاد اور علاقائی سالمیت کا کوئی احترام نہیں ہے۔

ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے معاون سکریٹریز کے ساتھ بات چیت کی

نئی دہلی// مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے آج یہاں نئی دہلی میں مرکزی وزارتوں میں اپنے انضمام کے اختتام پر معاون سکریٹریز (آئی اے ایس 2022 بیچ کے زیر تربیت افسران) کے ساتھ بات چیت کی۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر مملکت (آزادانہ چارج)، ارضیاتی سائنسز کے وزیر مملکت (آزادانہ چارج)، پی ایم او، محکمہ جوہری توانائی، خلائی محکمہ، عملہ، عوامی شکایات اور پنشن کے وزیر مملکت، ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ 2015 میں اس پہل کا آغاز مودی سرکار کی باگ ڈور سنبھالنے کے بعد ہوا، تاکہ مختلف مرکزی وزارتوں میں نئے زیر تربیت افسران کو ان کی ضلعی تربیت کے بعد وزارتوں کے کام کاج کا مجموعی تجربہ فراہم کیا جا سکے۔ ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ "یہ اقدام انہیں پالیسی سازی کی اعلیٰ سطح پر لوگوں سے ایسے سرپرستوں کی شناخت کے ذریعہ جو آنے والے 30 سال کی خدمات کے لیے ان کی رہنمائی کریں گے، بات چیت کرنے اور ان سے سیکھنے کی اجازت دیتا ہے۔" اس ماڈیول کے فوائد پر روشنی ڈالتے ہوئے، ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے بتایا کہ کووڈ وبائی امراض کے دوران کس طرح وہ افسران جو اسسٹنٹ سکریٹریز رہے تھے اور اب ایک ضلع میں ڈی ایم تھے، اعتماد کے ساتھ مرکز کے ساتھ بات چیت کر سکتے تھے اور روز مرہ کے فیڈ بیک پیش کر سکتے تھے۔ انٹرایکٹو سیشن کے دوران مرکزی وزیر مملکت برائے عملہ، عوامی شکایات اور پنشن نے نوجوان روشن افسروں کی بات سنی اور انہیں ان تبدیلیوں کا مشورہ دینے کی ترغیب دی جو وہ اپنے تربیتی ماڈیولز میں دیکھنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے زیادہ سے زیادہ تربیت فراہم کرنے کی کوشش پر مثبت جواب دیا۔ ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا، یہ وزیر اعظم نریندر مودی کا وژن ہے کہ آئی اے ایس افسران کو مستقبل کے لیے تیار کیا جائے جب ہندوستان اپنی آزادی کا صدی پورا کرے گا، آپ سبھی اہم عوامی عہدوں پر فائز ہوں گے اور یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ہندوستان کے عوام کے تئیں ہم ایمانداری، جوابدہی، ہمدردی اور رحم کو برقرار رکھیں اور انتظامیہ کے مرکز میں شہری پر مرکوز نقطہ نظر اور اچھی حکمرانی رکھیں۔ نوجوان ٹیلنٹ پول پر اپنے اعتماد اور خوشی کا اظہار کرتے ہوئے، ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے شیئر کیا کہ سول سروسز میں تقریباً 28 فیصد خواتین افسران کی شمولیت کے ساتھ ایک مثبت تبدیلی دیکھی جا رہی ہے، جو پہلے اوقات میں 10 فیصد سے بھی کم تھی۔ نوجوان افسران کی حوصلہ افزائی اور رہنمائی کرتے ہوئے انہوں نے مزید کہا کہ ہندوستان کی تقریباً تمام ریاستوں کے لوگ بھی سول سروسز کا حصہ ہیں، جس سے تنوع میں اضافہ ہوتا ہے جو کہ ایک صحت مند علامت ہے۔

وزیر خارجہ جے شنکر نے میانمار کی سرحد پر مسلسل تشدد پر تشویش کا اظہار کیا

نئی دہلی// وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے میانمار کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ تھان سوی سے ملاقات کی اور میانمار میں اس کی سرحد پر مسلسل تشدد اور عدم استحکام کے اثرات پر ہندوستان کی گہری تشویش پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں وزراء نے بدھ کے روز ملاقات کی۔ وزیر خارجہ نے ایکس پر مطلع کیا کہ میانمار کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ یو تھان شیو سے نئی دہلی کی آمد و رفت کے دوران ملاقات کی۔ ہماری سرحد پر میانمار میں جاری تشدد اور عدم استحکام کے اثرات پر ہماری گہری تشویش پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر خارجہ نے زور دیا کہ بھارت اس صورتحال سے نمٹنے کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کو شامل کرنے کے لیے کھلا ہے۔ انہوں نے غیر قانونی منشیات، اسلحے کی اسمگلنگ اور اسمگلنگ کا مسئلہ بھی اٹھایا اور انہیں "ترجیحی چیلنجز" قرار دیا۔ خاص طور پر غیر قانونی منشیات، اسلحے کی اسمگلنگ اور افراد کی اسمگلنگ کو ترجیحی چیلنجوں کے طور پر نشان زد کیا گیا ہے۔ انہوں نے میانمار میں جمہوری تبدیلی کی جلد واپسی پر زور دیا، اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ ہندوستان کسی بھی طرح کی مدد کے لیے تیار ہے۔ میواوڈی میں پھنسے ہوئے ہندوستانی شہریوں کی جلد واپسی کے لیے تعاون کی کوشش کی۔ ملک میں ہمارے جاری منصوبوں کے لیے قابل اعتماد سیکورٹی تحفظ کے لیے دباؤ ڈالا گیا۔ میانمار میں جمہوری تبدیلی کے راستے پر جلد واپسی پر زور دیا۔

جنرل منوج پانڈے نے بھارتی فوج کی D5 موٹر سائیکل مہم کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا

نئی دہلی// چیف آف آرمی اسٹاف جنرل منوج پانڈے نے آج نیشنل وار میموریل، نئی دہلی سے ہندوستانی فوج کی D5 موٹر سائیکل مہم کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ یہ مہم ہندوستانی فوج کی طرف سے 1999 کی کارگل جنگ میں ہندوستان کی فتح کی 25 ویں سالگرہ کی یاد میں منعقد کی جا رہی ہے۔ فلیگ آف تقریب میں فوج کے نائب سربراہ لیفٹیننٹ جنرل اوپیندر دویدی، سینئر سروِنگ آفیسرز، کارگل جنگ کے سابق فوجیوں، ویر ناری اور ویٹرنز نے شرکت کی۔ فلیگ آف سے پہلے، آرمی چیف نے موٹر بائک رائڈرز سے بات چیت کی اور ٹیم لیڈر کو موٹر سائیکل مہم کا جھنڈا حوالے کیا۔ مسز ارچنا پانڈے، صدر آرمی ویوز ویلفیئر ایسوسی ایشن (AWWA) نے تقریب کے دوران ویر ناریوں کو مبارکباد دی۔ یہ کل ہند مہم 12 جون 2024 کو ملک کے تین کونوں سے شروع ہوئی تھی۔ مشرق میں ونجان، مغرب میں دوارکا اور جنوب میں دھنشکوڈی۔ آٹھ موٹر سائیکل سواروں پر مشتمل تین ٹیمیں دہلی پہنچنے سے پہلے متنوع خطوں اور مشکل راستوں سے گزریں۔ ٹیموں کو 26 جون 2024 کو دہلی کینٹ میں سابق سی او اے ایس جنرل دیپک کپور (ریٹائرڈ) نے جھنڈا لگایا۔ جنرل دیپک کپور نے کارگل جنگ کے سابق فوجیوں کو ان کی بہادری کے لیے سراہا، مہم کی ٹیموں کی تعریف کی اور اسپانسرز کے تعاون کے لیے ان کا شکریہ ادا کیا۔ تقریب میں تقریباً 500 افراد نے پرجوش شرکت کی جن میں سروِنگ آفیسرز، کارگل جنگ کے سابق فوجیوں، ویر ناریوں اور اہل خانہ شامل تھے۔ دہلی سے آگے ٹیمیں اب دو مختلف راستوں کے ساتھ دراس کے لیے آگے بڑھی ہیں۔

ہندوستان افریقہ کو اپنے قدرتی پارٹنر کے طور پر دیکھتا ہے/ وزیر خارجہ

نئی دہلی// افریقہ آج انسانی تہذیب کا گہوارہ ہونے سے لے کر مستقبل کی سرزمین بننے تک تیزی سے تبدیلیوں سے گزر رہا ہے، اور ہندوستان اسے اعتماد اور باہمی احترام کے ساتھ ایک فطری شراکت دار کے طور پر دیکھتا ہے۔ وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے مشاہدہ نوٹ کرتے ہوئے کہ ہندوستان۔ افریقہ تعلقات "گہری جڑیں" ہیں، انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے افریقہ میں ہندوستان کی مصروفیات کی نئی تعریف کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ افریقہ، ہم سب جانتے ہیں، آج بہت تیزی سے تبدیلیوں سے گزر رہا ہے۔ یہ انسانی تہذیب کا گہوارہ بننے سے لے کر مستقبل کی سرزمین بننے تک کا دائرہ پھیلا ہوا ہے۔

امریکہ نے ہندوستان کے لوک سبھا انتخابات کی تعریف کی
انتخابات کو دنیا کی تاریخ میں جمہوریت کی سب سے بڑی مشق قرار دیا

واشنگٹن// ہندوستان کے لوک سبھا انتخابات کی تعریف کرتے ہوئے، امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان میتھیو ملر نے بدھ (مقامی وقت) کو کہا کہ امریکی حکومت "دنیا کی تاریخ میں جمہوریت کی سب سے بڑی مشق" کا جشن مناتی ہے اور اسے "غیر معمولی کامیابی" قرار دیا ہے۔ بدھ کو ایک پریس بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے (مقامی وقت کے مطابق)، ملر نے نوٹ کیا کہ امریکہ انتخابات کے نتائج پر کوئی سائیڈ نہیں لیتا اور ہندوستان کے لوگوں کو اس معاملے پر فیصلہ کرنا ہے۔ ان خبروں کے بارے میں پوچھے جانے پر کہ جن میں کہا گیا ہے کہ امریکہ میں بہت سے گروہ اور لوگ ہندوستان میں جمہوریت کو توڑنا چاہتے ہیں اور لوگوں نے پی ایم نریندر مودی کو انتخابات میں شکست دینے کے لیے یہاں سے پیسے بھیجنے کا اعتراف کیا ہے، ملر نے کہا، "لہذا، میں مخصوص لوگوں سے بات نہیں کر سکتا۔ رپورٹ کے مطابق، مجھے یقین نہیں ہے کہ وہ کس چیز کا حوالہ دیتے ہیں لیکن میں آپ کو بتا سکتا ہوں کہ جب ہندوستانی انتخابات کی بات آتی ہے، تو ہم ریاستہائے متحدہ کی حکومت کی طرف سے بالکل واضح رہے ہیں کہ ہم جمہوریت کی سب سے بڑی مشق کا جشن مناتے ہیں۔ دنیا کی تاریخ میں یہ ایک غیر معمولی کامیابی تھی۔" انہوں نے مزید کہا، "اور پھر، جب انتخابات کے نتائج کی بات آتی ہے، تو ہم کسی کی طرف نہیں لیتے، لیکن یہ ہندوستان کے لوگوں کے لیے فیصلہ کرنے کا سوال ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اتحاد میں شامل دیگر جماعتوں، بنیادی طور پر نتیش کمار کی زیر قیادت جے ڈی (یو) اور چندرا بابو نائیڈو کی قیادت والی ٹی ڈی پی کی حمایت کے ساتھ تیسری مدت حاصل کی ہے۔ لوک سبھا کی 543 نشستوں کے لیے انتخابات 19 اپریل سے سات مرحلوں میں ہوئے اور ووٹوں کی گنتی 4 جون کو ہوئی۔ الیکشن کمیشن آف انڈیا کے مطابق بی جے پی نے 240 سیٹوں پر کامیابی حاصل کی۔ دوسری طرف کانگریس نے 99 سیٹیں جیت کر مضبوط ترقی درج کی ہے۔ انڈیا بلاک نے 230 کا ہندسہ عبور کر لیا، سخت مقابلہ پیش کرتے ہوئے اور تمام پیشین گوئیوں کو رد کیا۔ 5 جون کو، امریکی صدر جو بائیڈن نے وزیر اعظم نریندر مودی اور نیشنل ڈیموکریٹک الائنس (این ڈی اے) کو 2024 کے لوک سبھا انتخابات میں ان کی جیت پر مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان اور امریکہ کے درمیان دوستی صرف اس وقت بڑھ رہی ہے جب دونوں ممالک لامحدود صلاحیت کے مشترکہ مستقبل کو کھول رہے ہیں۔

دفاع، ایرواسپیس میں ڈیپ ٹیک اسٹارٹ اپس کیلئے ہندوستان جلد ہی وی سی فنڈ حاصل کرے گا/ اجے کمار

نئی دہلی// دفاع اور ایرواسپیس کے اہم شعبوں میں تحقیق اور ترقی، اور دانشورانہ املاک (آئی پی) کی گہری ٹکنالوجی کی تخلیق کو فروغ دینے کے لئے ایک وینچر کیپیٹل (VC) سے چلنے والا فنڈ جلد ہی ہندوستان میں سامنے آئے گا۔ وزارت دفاع کے ایک سابق اہلکار نے بدھ کو کہا "میں اور میرے کچھ دوست ایک وینچر کیپیٹل فنڈ بنانے میں بہت فخر محسوس کرتے ہیں جو دفاع اور ایرواسپیس جیسے اسٹریٹجک شعبوں پر توجہ مرکوز کرتا ہے، جس میں سافٹ ویئر یا ای کامرس کی سرمایہ کاری کے مقابلے میں نمایاں طور پر زیادہ سرمایہ اور رسک لینے کی ضرورت ہوتی ہے۔ وزارت دفاع کے سابق سیکریٹری اجے کمار نے ایک انڈسٹری کانفرنس میں فنڈ کے کیش پول کو ظاہر کرنے سے انکار کر دیا۔ کمار نے کہا" کچھ مہینوں کے اندر، ہم نہ صرف ہدف کی رقم کو پورا کرنے میں کامیاب ہو گئے ہیں، بلکہ اس ہدف کی رقم سے بھی آگے بڑھ گئے ہیں۔ کمار نے کہا" ہم اگلے دو ہفتوں کے اندر اپنے ہدف سے زیادہ پہلی بندش کا اعلان کر سکتے ہیں۔ کاروباری نقطہ نظر سے، خلائی شعبے میں وی سی فنڈ کی اہمیت ہے جو مینوفیکچررز اور دفاعی صارفین دونوں کی خدمت کرتا ہے۔ یہ مستقبل میں بہت بڑے پیمانے پر بڑھنے والا ہے۔ کمار نے کہا کہ وی سی فنڈ اسٹارٹ اپس کو فروغ دے گا کیونکہ صنعت میں اہم شیئر ہولڈر پبلک سیکٹر انڈر ٹیکنگز بنتے رہتے ہیں۔ اجے کمار نے مزید کہا کہ یہ براہ راست دفاعی افواج کو بھی پورا کرے گا اور دفاعی برآمدی مارکیٹ کو سپورٹ کرے گا۔" اس حقیقت کو دیکھتے ہوئے کہ دفاعی منصوبے کی 75 فیصد خریداری گھریلو شعبے کے لیے ہے، ہندوستانی صنعت کے لیے اس سلسلے میں حصہ لینے کا ایک بڑا موقع ہے۔ کمار نے کہا کہ دفاعی شعبہ ابتدائی عوامی پیشکشوں (آئی پی اوز) کے لیے تیزی سے کرشن دیکھ رہا ہے، یہ رجحان خلائی شعبے تک بھی پھیل سکتا ہے۔ اگلے دو سے چار سالوں میں، ہم خلائی شعبے کے اسٹارٹ اپس اور چھوٹی کمپنیوں کو آئی پی او مارکیٹ میں آتے ہوئے دیکھیں گے اور یہاں سرمایہ کاروں کے لیے ایک اور موقع فراہم کرے گا جو آج اس شعبے میں اپنا اعتماد کر رہے ہیں۔

مرکز جلد ہی ہندوستان بھر میں بلٹ ٹرینوں کے لیے فزیبلٹی اسٹڈیز کرے گا

نئی دہلی// حکومت نے ملک کے شمال، جنوب اور مشرق میں بلٹ ٹرین کوریڈورز کے لیے فزیبلٹی اسٹڈی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ صدر دروپدی مرمو نے آج پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے اپنے خطاب میں یہ بات کہی۔ ملک میں بنیادی ڈھانچے کی ترقی پر روشنی ڈالتے ہوئے، جو ان کے مطابق، بدلتے ہوئے ہندوستان کے نئے چہرے کے طور پر ابھری ہے، صدر مرمو نے کہا "میری حکومت نے ملک کے شمال، جنوب اور مشرق میں بلٹ ٹرین کوریڈور کے لیے فزیبلٹی اسٹڈی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔"

ہندوستان نے اقوام متحدہ میں ہندی کے فروغ کو جاری رکھنے کے لیے 1.169 ملین ڈالر کا تعاون دیا

نیویارک// حکومت ہند نے اقوام متحدہ میں ہندی کے استعمال کو وسعت دینے کے لیے 'ہندی @ یو این' پروجیکٹ کے لیے 1,169,746 امریکی ڈالر کا زبردست تعاون کیا ہے۔ حکومت ہند اقوام متحدہ میں ہندی کے استعمال کو بڑھانے کے لیے مسلسل کوششیں کر رہی ہے۔ ان کوششوں کے ایک حصے کے طور پر، ہندی یو این پروجیکٹ، اقوام متحدہ کے محکمہ اطلاعات عامہ کے تعاون سے 2018 میں شروع کیا گیا تھا جس کا مقصد ہندی زبان میں اقوام متحدہ کی عوامی رسائی کو بڑھانا، اور عالمی سطح پر زیادہ سے زیادہ بیداری پھیلانا ہے۔ ہندوستان 2018 سے اقوام متحدہ کے شعبہ برائے عالمی مواصلات (DGC) کے ساتھ ایک اضافی بجٹ میں شراکت فراہم کر رہا ہے۔ اقوام متحدہ کی ایک ریلیز میں کہا گیا کہ ہندی زبان میں ڈی جی سی کی خبروں اور ملٹی میڈیا مواد کو مرکزی دھارے میں شامل کریں۔" 2018 سے ہندی میں اقوام متحدہ کی خبریں اقوام متحدہ کی ویب سائٹ اور سوشل میڈیا ہینڈلز۔ ٹویٹر، انسٹاگرام اور اقوام متحدہ کے فیس بک ہندی صفحہ کے ذریعے پھیلائی جاتی ہیں۔ یو این نیوز۔ ہندی آڈیو بلیٹن (یو این ریڈیو) ہر ہفتے جاری کیا جاتا ہے۔

مالے میں ہندوستان۔ مالدیپ کے درمیان جوائنٹ اسٹاف مذاکرات

مالے// ہندوستان اور مالدیپ کے درمیان جمعرات کو مالدیپ کے دارالحکومت میں ساتویں جوائنٹ اسٹاف مذاکرات ہوئے۔ ہندوستانی وفد کی قیادت ایئر وائس مارشل پرشانت موہن نے کی۔ مالدیپ میں ہندوستانی ہائی کمیشن نے X پر ایک پوسٹ میں کہا کہ ہندوستان اور مالدیپ کے درمیان ساتویں جوائنٹ اسٹاف مذاکرات 27 جون 24 کو مالے میں منعقد ہوئے۔ ہندوستان کی طرف سے ایئر وائس مارشل پرشانت موہن، وی ایم کی قیادت میں ایک وفد نے شرکت کی۔ ہندوستان اور مالدیپ کے درمیان چھٹے جوائنٹ اسٹاف مذاکرات 20 دسمبر 2022 کو نئی دہلی میں منعقد ہوئے۔ میٹنگ دوستانہ، گرمجوشی اور انتہائی خوشگوار ماحول میں ہوئی۔

پی ایم گتی شکتی کے تحت نیٹ ورک پلاننگ گروپ کی 73 ویں میٹنگ
بنیادی ڈھانچے کے آٹھ اہم پروجیکٹوں کا جائزہ لیا گیا

نئی دہلی// نیٹ ورک پلاننگ گروپ (این پی جی) کی 73 ویں میٹنگ 21 جون 2024 کو نئی دہلی میں بلائی گئی۔ میٹنگ کی صدارت ایڈیشنل سکریٹری، محکمہ برائے فروغ صنعت و اندرونی تجارت (ڈی پی آئی آئی ٹی)، جناب راجیو سنگھ ٹھاکر نے کی۔ میٹنگ میں بنیادی ڈھانچے کے 8 اہم منصوبوں دو وزارت ریلوے (ایم او آر) سے اور چھ نیشنل انڈسٹریل کوریڈور ڈیولپمنٹ کارپوریشن (این آئی سی ڈی سی)، ڈی پی آئی آئی ٹی سے، کا جائزہ لینے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ ریلوے کی وزارت کا پہلا پروجیکٹ مہاراشٹر کے ناسک اور جالگاؤں اضلاع میں منماڑ سے جالگاؤں تک 160 کلومیٹر طویل چوتھی براڈ گیج ریلوے لائن کی تعمیر سے متعلق ہے۔ 2,594 کروڑ روپے کی تخمینہ جاتی سرمایہ کاری کے ساتھ، یہ پروجیکٹ موجودہ لائن کے سیکشن کی صلاحیت کو بڑھانے کی کوشش کرتا ہے، جس سے کارگو اور مسافر ٹرینوں کی آسانی سے نقل و حرکت میں آسانی ہوگی۔ یہ قومی بنیادی ڈھانچے کی ترجیحات کے ساتھ ہم آہنگ ہے اور خطے میں مستقبل کی نقل و حمل کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے اہم ہے۔ ریلوے کی وزارت کا دوسرا پروجیکٹ مہاراشٹر کے جلگاؤں ضلع کے بھساول سے مدھیہ پردیش کے برہان پور اور کھنڈوا اضلاع تک 130.5 کلومیٹر لمبی تیسری اور چوتھی براڈ گیج ریلوے لائنوں کی تعمیر سے متعلق ہے۔ 3,285 کروڑ روپے کی تخمینہ جاتی لاگت کے ساتھ، اس پروجیکٹ سے سیکشن کی صلاحیت کو نمایاں طور پر بڑھانے، علاقائی ترقی کو فروغ دینے، اور لاجسٹکس کے شعبے میں ہندوستانی ریلوے کے مارکیٹ شیئر کو تقویت دینے کی توقع ہے۔ اس طرح اس خطے کے لیے اقتصادی ترقی اور پائیدار نقل و حمل کے حل میں تعاون ملے گا۔ دونوں منصوبے کوئلہ، سیمنٹ اور معدنی پیداوار والے علاقوں کو کنیکٹیویٹی فراہم کرنے کے لیے وزارت ریلوے کے انرجی منرل سیمنٹ کوریڈور (ای ایم سی سی) پروگرام کا حصہ ہیں۔ این آئی سی ڈی سی کے چار پروجیکٹ اتر پردیش کے آگرہ اور پریاگ راج، ہریانہ میں حصار اور بہار میں گیا میں 8,175 کروڑ روپے کی تخمینہ جاتی سرمایہ کاری کے ساتھ مربوط مینوفیکچرنگ کلسٹرز (آئی ایم سیز) کی ترقی سے متعلق ہیں۔ ان منصوبوں کا مقصد تعلیمی اور صحت کی دیکھ بھال کی خدمات کے ساتھ ساتھ اسمارٹ ٹیکنالوجیز، لاجسٹکس، رہائشی اور تجارتی سہولیات سمیت انڈسٹری 4.0 کے معیارات پر عمل کرتے ہوئے جدید ترین مینوفیکچرنگ ہب تیار کرنا ہے۔

بیٹی: اللہ کی رحمت

مولانا محمد طارق نعمان گڑنگی

زمانہ جاہلیت میں لوگ بچیوں کو ذلیل وحقیر سمجھتے تھے۔ لوگ لڑکی کی پیدائش کے بجائے اس کی وفات پر مبارکباد دیتے تھے۔ لڑکیوں کو اس قدر بیچ سمجھتے تھے کہ کسی کے ہاں لڑکی پیدا ہوتی تو وہ مارے شرم کے منہ چھپائے پھرتا تھا۔ ان میں کچھ لوگ ایسے ظالم تھے کہ کسی بیٹی کا باپ کہلوانے کے ڈر سے اپنے بیٹیوں کو زندہ درگور کر دیتے تھے۔ یا گلا دبا کر ہمیشہ کے لئے خاموش کر دیتے تھے۔ بیٹی کو نجاست کا ڈھیر اور شیطان کا نمائندہ سمجھا جاتا تھا۔ بیٹی کی ولادت کی خبر سنتے ہی حقارت کی تیوریاں چہرے پر نمایاں ہوتی تھیں۔

ایسے لوگوں کا نقشہ قرآن پاک نے ان الفاظ میں کھینچا ہے جب ان میں کسی کو بیٹی کے پیدا ہونے کی خوشخبری دی جاتی ہے تو اس کا چہرہ سیاہ ہو جاتا ہے، لوگوں سے چھپا تا پھرتا ہے کہ اس بری خبر کے بعد کسی کو کیا منہ دکھائے۔ سوچتا ہے کہ ذلت کے ساتھ بیٹی کو لئے رکھے یا مٹی میں دبا دے۔ (سورۃ النحل)

لیکن یہ تو زمانہ جاہلیت کے لوگوں کا حال تھا۔ اب آیئے اس زمانہ کے لوگوں پر نظر ڈالتے ہیں کہ ان کی نظر میں بیٹی کا کیا مقام ہے، جو اپنے آپ کو مسلمان کہتے ہیں، سچا عاشق رسول ہونے کا دعوی کرتے ہیں، سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں جان عزیز کا نذرانہ پیش کرنے کے لئے ہر وقت تیار رہتے ہیں لیکن جب ان کے دلوں کو ٹٹول کر دیکھو تو پتہ چلتا ہے کہ زمانہ جاہلیت کے لوگوں کی طرح یہ بھی بیٹی کی آمد کو خوشگوار نہیں سمجھتے۔ بلکہ اس پر رنجیدہ ہو جاتے ہیں۔ بیٹی کی پیدائش اپنے لئے ننگ وعار تصور کرتے ہیں۔ بعض لوگوں کو دیکھا گیا کہ مبارک باد کہنے کے بجائے آنسو بہا بہا کر افسوس کا اظہار کرتے ہیں اور کچھ بہادر تو یہ بھی کہنے سے نہیں ہچکچاتے کہ اس مرتبہ بیٹا نہیں ہوا تو بیوی کو طلاق دے دوں گا۔

ایسے مردوں کے لئے قرآن کیا کہتا ہے کچھ لوگوں کو اللہ تعالیٰ صرف بیٹا دیتا ہے اور کچھ کے مقدر میں بیٹیاں ہی بیٹیاں اور کچھ لوگوں کو بیٹے اور بیٹیاں دونوں سے نوازتا ہے اور کچھ لوگوں کی جھولی میں کچھ نہیں ڈالتا اور انہیں بانجھ کر دیتا ہے۔ (سورۃ الشوریٰ)

یہ لوگ بیٹی کو رحمت کے بجائے زحمت سمجھتے ہیں، اسے ایک بوجھ گردانتے ہیں۔ بیٹیوں کو ہر معاملہ میں کم تر سمجھا جاتا ہے پڑھائی کے بارے میں یہی کہا جاتا ہے کہ انہیں پڑھ لکھ کر کیا کرنا ہے، آخر گھر کے کام کاج ہی تو کرنے ہیں۔ لہذا ان کے لئے تعلیم کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں

لیکن یاد رکھو! بزرگوں کا قول ہے مرد پڑھا فرد پڑھا، عورت پڑھی خاندان پڑھا۔ اچھا لباس، اچھی غذا اور دیگر ضروریات زندگی میں بھی بیٹیوں کے بجائے بیٹوں کو ترجیح دی جاتی ہے اور بیٹوں کی خواہشات کو زیادہ ترجیح دی جاتی ہے۔

افسوس صد افسوس! کہ آج کے مسلمان زمانہ جاہلیت کے لوگوں سے بھی آگے نکل گئے۔ اس بچی پر ماں باپ کی طرف سے اس طرح کا ظلم ہو تو یقینا وہ یہی کہے گی کاش میں تیری بیٹی نہ ہوتی جس گھر میں بیٹی نہ ہو اس گھر میں رحمت نہیں ہوتی۔ یعنی بیٹی اللہ رب العزت کی طرف سے رحمت ہے۔ اللہ تعالیٰ لڑکیوں پر بہت زیادہ مہربان ہوتا ہے۔

میرے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد مبارک سے عورت کو دنیا میں جینے کا حق ملا۔ معاشرے میں باعزت مقام ملا۔ اور کہا گیا کہ جس کسی کے یہاں بیٹی پیدا ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے پاس فرشتے بھیجتے ہیں، وہ فرشتے گھر والوں سے کہتے ہیں: اے گھر والو تم پر سلامتی ہو پھر اس بیٹی کو فرشتے اپنے پروں سے ڈھانک لیتے ہیں اور اپنے نورانی ہاتھوں کو اس کے سر پر پھیرتے ہیں اور کہتے ہیں: ایک کمزور جان ہے جو کمزور جان سے نکلی ہے قیامت تک اس کے کفیل کی مدد کی جائے گی۔ (المعجم الصغیر للطبرانی)

ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے، حضور صلی اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: جس شخص کو لڑکیوں کے سلسلے میں کسی طرح آزمایا جائے اور وہ اس پر صبر کرے تو وہ لڑکیاں اس شخص کے لئے دوزخ سے آڑ بن جاتی ہیں (جامع ترمذی)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص تین بیٹیوں یا تین بہنوں کی کفالت کرتا ہے، اس پر جنت واجب ہے۔

صحابہ رضی اللہ عنھم نے پوچھا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر دو بیٹیوں کی کفالت کرتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر بھی واجب ہے۔ صحابہ رضی اللہ عنھم نے پوچھا: اگر ایک بیٹی کی اور ایک بہن کی کفالت کرتا ہو؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر بھی واجب ہے۔

پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص لڑکی رکھتا ہے، اللہ کی نصرت، برکت اور اس کی بخششیں اس کے شامل حال ہوتی ہیں۔

ایک اور جگہ فرمایا: جس کے یہاں ایک بیٹی ہوتی ہے اسے ایک ہزار حج کا، ہزار جہاد کا، ہزار قربانی کا اور ہزار مہمانوں کا ثواب ملتا ہے۔ جب حضرت فاطمہ رضی اللہ عنھا رحم مادر میں آئیں تو سورۃ الکوثر نازل ہوئی اور آپ کو خیر کثیر اور دائمی نیکی کی بشارت سنائی گئی۔ انسان لڑکی کا باپ ہوتا ہے تو یہ اس کے لئے باعث فخر ہے کیونکہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم بھی لڑکی کے باپ تھے، دنیا میں لڑکی کے پیدا ہونے پر رسول خدا سے مشابہت ہو جائے تو واقعتا بہت بڑا فخر ہے۔

پیارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص دو یا تین لڑکیوں کی سرپرستی کرے گا وہ بہشت میں میرا ہم نشین ہوگا۔

پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک اور جگہ فرمایا: جس کی کے گھر لڑکی ہو پھر وہ اسے نہ زندہ درگور کرے نہ اس کی توہین کرے (لڑکی ہونے کے ناطے ہر وقت طعن وملامت نہ کرے) اور نہ لڑکے کو اس پر ترجیح دے، اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل فرما دیں گے (ابوداؤد)

جو لوگ بیٹی کی پیدائش کو منحوس سمجھتے ہیں انہیں ان احادیث مبارکہ کو مدنظر رکھنا چاہیے۔

دور رسالت کا یہ واقعہ بھی ہمارے لئے عبرت ونصیحت کا بڑا ذریعہ ہے۔

دور جاہلیت کے پروردہ ایک شخص نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کا عالم اپنی بیٹی حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیھا کے ساتھ دیکھا تو حیرت زدہ رہ گیا۔ آنکھوں سے آنسو نکل آئے، سوچنے لگا کہ آہ کس بے دردی سے میں نے اپنی جگر کو صرف دور جہالت کی عصبیت کی بنا پر زندہ درگور کر دیا تھا، اور پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے استفسار پر اپنی داستاں بیان کرنا شروع کر دی۔

میری بیوی حاملہ تھی، ان ہی دنوں میں ایک سفر پر مجبور ہو گیا، عرصے بعد پلٹ کر آیا تو اپنے گھر میں ایک بچی کو کھیلتے دیکھا، بیوی سے پوچھا: یہ کون ہے؟

بیوی نے کہا: یہ تمہاری بیٹی ہے اور پھر کسی نامعلوم خوف کے تحت، التجا آمیز لہجہ میں کہا: ذرا دیکھو تو کس قدر پیاری بچی ہے، اس کے وجود سے گھر میں کتنی رونق ہے، یہ اگر زندہ رہے گی تو تمہاری یادگار بن کر خاندان اور قبیلے کا نام زندہ رکھے گی۔

میں نے گردن جھکالی، بیوی کو کوئی جواب دیئے بغیر لڑکی کو بغور دیکھتا رہا، لڑکی کچھ دیر تو اجنبی نگاہوں سے مجھے تکتی رہی، پھر نہ جانے کیا سوچ کر بھاگتی ہوئی آئی، اور میرے سینے سے لپٹ گئی، میں نے بھی جذبات کی رو میں اس کو آغوش میں بھر لیا اور پیار کرنے لگا، کچھ عرصہ یونہی گذر گیا۔ لڑکی آہستہ آہستہ بڑی ہوتی رہی اور ہوشیار ہوئی، سن بلوغ کے قریب پہنچ گئی، اب ماں کو میری طرف سے بالکل اطمینان ہو چکا تھا، میرا رویہ بھی بیٹی کے ساتھ محبت آمیز تھا، ایک دن میں نے اپنی بیوی سے کہا:

ذرا اس کو بنا سنوار دو، میں قبیلے ایک شادی میں اسے لے جاؤں گا، ماں بیچاری خوش ہو گئی اور جلدی سے سجا سنوار کر تیار کر دیا۔

میں نے لڑکی کا ہاتھ پکڑا اور گھر سے روانہ ہو گیا۔ ایک غیر آباد بیابان میں پہنچ کر پہلے سے تیار شدہ ایک گڑھے کے قریب کھڑا ہو گیا، لڑکی جو بڑی خوشی کے ساتھ اچھلتی کودتی چلی آرہی تھی، میرے قریب آکر رک گئی اور بڑی معصومیت سے سوال کیا: بابا یہ گڑھا کس کے لئے ہے؟

میں نے سخت لہجے میں اس سے کہا: اپنے خاندانی رسم ورواج کے مطابق میں تم کو اس میں دفن کرنا چاہتا ہوں؛ تاکہ تمہاری پیدائش سے ہمارے خاندان اور قبیلے کو جو ذلت ورسوائی ہوئی ہے اس سے نجات مل جائے۔ لڑکی کو صورت حال کا اندازہ ہوا تو اس کے چہرے کا رنگ اڑ گیا اور قبل اس کے اس کی طرف سے کسی ردعمل کا اظہار ہو، میں نے اس کو گڑھے میں دھکیل دیا۔

لڑکی دیر تک روتی اور گڑگڑاتی رہی لیکن مجھ پر اس کے نالہ وفریاد کا کوئی اثر نہ ہوا۔ میں نے گڑھے کو مٹی سے بھر دیا، اگرچہ آخر وقت تک وہ ہاتھ اٹھائے مجھ سے زندگی کی التجا کرتی رہی تھی لیکن افسوس! میں نے اپنے دل کے ٹکڑے کو زندہ درگور کر دیا، اب اس کی آخری التجا اب بھی میرے کانوں میں لاوے پکار رہی ہے: بابا تم نے مجھے تو دفن کر دیا لیکن میری ماں کو حقیقت نہ بتانا۔ کہہ دینا کہ میں بیٹی کو اپنے قبیلے والوں میں چھوڑ آیا ہوں۔

اپنے صحابی سے ایک بیٹی کے زندہ درگور کر دیئے جانے کی داستاں سنی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھوں سے آنسوؤں کی لڑی جاری ہو گئی۔

واجب الاطاعت امیر کون؟

ندیم احمد انصاری

آج کی دنیا میں امیر بننے کا شوق عام ہوتا جا رہا ہے، سب کو اقتدار اور کرسیوں کی ہوس ہے۔ ظاہر ہے ایسا انسان مالی منفعت کی خاطر منصب کے حصول کی کوشش کرتا ہے، جس سے کسی خیر کی امید وابستہ نہیں کی جا سکتی۔ آج کے کالم میں یہ بتایا گیا ہے کہ شرعی امیر اور امارت فی زمانہ پائی نہیں جاتی۔ اس کے جو لوازم ہیں، ہمارے زمانے میں وہ سب مفقود ہیں۔

آج کے مضمون میں اولاً امیر کی اطاعت سے متعلق بعض نبوی ہدایات پیش کی گئی ہیں، اس کے بعد بعض علمائے محققین کی صراحتیں نقل کی گئی ہیں، جن سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ جس امیر کی اطاعت امت پر واجب ہوتی ہے، اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ تمام مسلمانوں کے اجتماع واتفاق سے امیر بنایا گیا ہو۔ اس تحریر کی ضرورت اس لیے پیش آئی کہ قومی و بین الاقوامی سطح پر بہت سے لوگ اپنے اپنے مقتدا کو تمام مسلمانوں کا امیر اور اس سے اختلاف کرنے والوں کو جہنمی تک ثابت کرنے کی کوششیں کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ہم سب کو راہ راست پر باقی رکھے اور دین کی صحیح سمجھ عنایت فرمائے۔ آمین

امیر کی اطاعت اور نافرمانی

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے میری اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی، اور جس نے میری نافرمانی کی اس نے اللہ کی نافرمانی کی۔ اور جس نے امیر کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی اور جس نے امیر کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی۔ (بخاری، مسلم) حضرت ابو امامہؓ کہتے ہیں، میں نے رسول اللہ ﷺ کا حجۃ الوداع کا خطبہ سنا ہے، آپ اپنی اونٹنی پر سوار تھے اور پاؤں سواری کی رکاب میں رکھے ہوئے تھے، جس کی وجہ سے آپ ﷺ اونچے ہو گئے تھے اور فرما رہے تھے: کیا تم سنتے نہیں؟ تو سب سے آخری آدمی نے کہا: آپ کیا فرمانا چاہتے ہیں (یعنی ہم سن رہے ہیں)۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اپنے رب کی عبادت کرو، پنج گانہ نماز ادا کرو، ایک مہینے کے روزے رکھو، اپنے مال کی زکوۃ ادا کرو، اپنے امیر کی اطاعت کرو اور اپنے رب کی جنت میں داخل ہو جاؤ۔ (مسند احمد)

حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے میری اطاعت کی، درحقیقت اس نے اللہ کی اطاعت کی، اور جس نے میری نافرمانی کی، درحقیقت اس نے اللہ کی نافرمانی کی۔ جس نے امیر کی اطاعت کی، اس نے میری اطاعت کی، اور جس نے امیر کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی، الحدیث۔ (مسند احمد)

رسول اللہ ﷺ کی نصیحت

حضرت عرباض بن ساریہؓ سے مروی ہے، ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ نے ایسا وعظ فرمایا کہ جس سے لوگوں کی آنکھیں بہنے لگیں اور دل لرزنے لگے۔ ہم نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! یہ تو رخصتی کا وعظ محسوس ہوتا ہے، آپ ہمیں کیا وصیت فرماتے ہیں؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں تمھیں ایسی واضح شریعت پر چھوڑ کر جا رہا ہوں جس کی رات اور دن برابر ہیں۔ میرے بعد جو بھی اس سے کجی اختیار کرے گا، وہ ہلاک ہوگا، اور تم میں سے جو شخص زندہ رہے گا، وہ عنقریب بہت سے اختلافات دیکھے گا، لہٰذا تم میری جو سنتیں جانتے ہو انھیں اور خلفائے راشدین مہدیین کی سنتوں اور امیر کی اطاعت کو لازم پکڑو، خواہ وہ ایک حبشی غلام ہی ہو۔ ان باتوں کو اچھی طرح محفوظ کر لو، کیوں کہ مسلمان تو فرماں بردار اونٹ کی طرح ہوتا ہے کہ اسے جہاں لے جایا جائے وہ چل پڑتا ہے۔ (مسند احمد)

امیر کی اطاعت ضروری، خواہ حبشی غلام ہو

حضرت انسؓ سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سنو اور اطاعت کرو، چاہے تم پر کشمش جیسے سر والا حبشی ہی امیر کیوں نہ بنا دیا جائے! (سنن کبریٰ بیہقی) حضرت ابو ذرؓ کہتے ہیں، مجھے رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا کہ میں سنوں اور اطاعت کروں، اگرچہ مجھ پر حبشی غیر مناسب اعضا والا غلام ہی امیر کیوں نہ ہو۔ (ایضاً)

امیر کی خیر خواہی مطلوب ہے

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تمھارے لیے تین چیزیں پسند فرمائی ہیں اور تین چیزیں ناپسند۔ وہ تم سے اس بات پر راضی ہوا ہے کہ تم (1) اس کی عبادت کرو، شرک نہ کرو (2) اس کی رسی کو مضبوطی سے تھامے رکھو، فرقوں میں نہ بٹو اور (3) امیر کی خیر خواہی کرو! اور تمھارے لیے ناپسند کیا ہے (1) قیل و قال (2) کثرت سوال اور (3) اضاعت مال کو۔ (ایضاً)

امیر کی عزت اور اس کی بے عزتی کا صلہ

زیاد بن کسیب عدوی کہتے ہیں کہ عبداللہ بن عامر لوگوں کو خطبہ دیتے تھے اس حال میں کہ نرم کپڑے پہنے ہوئے ہوتے اور بالوں کو کنگھی میں کی ہوتی۔ ایک دن نماز پڑھ کر آئے۔ ابوبکرہ منبر کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ ایک شخص ابوبلال نے کہا: کیا تم امیر کو نہیں دیکھتے جو نرم کپڑے پہنتا ہے اور فساق کی مشابہت کرتا ہے! جب یہ بات ابوبکرہ نے سنی تو اپنے بیٹے اصلع سے کہا: ابوبلال کو بلاؤ! وہ بلا لایا۔ آپ نے فرمایا: میں نے وہ بات سنی، جو تم نے امیر کے بارے میں کہی ہے، (دھیان سے سنو) میں نے حضرت نبی کریم ﷺ سے سنا ہے: جو امیر کی عزت کرے گا اللہ اس کی عزت کرے گا اور جو امیر کو رسوا کرے گا اللہ اسے رسوا کرے گا۔ (سنن کبریٰ بیہقی)

امیر کی اطاعت کب تک؟

حضرت عبداللہؓ سے روایت ہے، حضرت نبی کریم ﷺ نے فرمایا: مسلمان آدمی پر (امیر کی اطاعت) ان چیزوں میں جو ناپسند ہوں یا پسند ہوں واجب ہے، جب تک کہ وہ گناہ کا حکم نہ دے۔ جب گناہ کی بات کا حکم دیا جائے تو نہ سننا ہے اور نہ ہی اطاعت کرنا ہے۔ (بخاری، مسلم)

اطاعت صرف معروف میں

حضرت علیؓ سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ نے ایک لشکر روانہ فرمایا اور ایک شخص کو اس کا سردار بنا دیا اور لوگوں کو اس کی اطاعت کی تاکید کی۔

مودی جی اپنے بہت سارے کارناموں کے لیے یاد کیے جائیں گے۔ ان میں سے ایک ۵ سال میں ۶ بجٹ بھی ہے۔ عام بجٹ ایک سال کا ہوتا ہے۔ درمیان میں عبوری بجٹ کی ضرورت پڑتی ہے لیکن مودی سرکار نے بیچ ہی میں پورا بجٹ پیش کر دیا یعنی اپریل کا کام فروری میں نمٹا کر اپریل فول بنا دیا۔ یہ عبوری نہیں جڑواں بجٹ پیدا ہے۔ پچھلے بجٹ کی پیدائش کے بعد وزیر خزانہ کی طبیعت ایسی بگڑی کہ ابھی تک سنبھل نہیں پائی اس لیے یہ نئے ٹیسٹ ٹیوب بجٹ کو جنم دینے کے لیے سروگیٹ مدر کے طور پر پیوش گوئل کی خدمات حاصل کی گئیں۔ انہوں نے ایک گول مٹول نونہال پیش کر دیا۔ حزب اختلاف کا تو کام ہی رونا دھونا ہوتا ہے چلیے اس کو نظر انداز کر کے دیکھیں کل یگ کے چانکیہ امیت شاہ جی اس بارے میں کیا کہتے ہیں۔ انہوں نے فرمایا اس بجٹ سے ثابت ہو گیا ہے کہ مودی حکومت غریبوں، کسانوں اور نوجوانوں کے خوابوں اور ان کے عزائم کے لئے وقف ہے۔ یعنی پونے پانچ سالوں کی ناکام کارکردگی جو چیز ثابت نہیں کر سکی اس کا ثبوت اس بجٹ میں مل گیا۔ جوش میں انہوں نے اسے مکمل بجٹ بتا دیا جبکہ یہ اس کا موقع نہیں تھا۔ ارون جیٹلی اگر گزشتہ سال مکمل بجٹ پیش کرتے تو پیوش گوئل کو یہ زحمت کرنے کی ضرورت ہی نہیں پڑتی۔ بی جے پی صدر نے کہا کہ دو ہیکٹر سے کم زمین والے غریب کسانوں کے لئے 'پردھان منتری کسان سمان یوجنا' ایک تاریخی پہل ہے، جس کے تحت ملک کے تقریباً ۱۲ کروڑ کسانوں کو مودی حکومت کی طرف سے ۷۵۰۰۰ کروڑ روپئے کے بجٹ سے سالانہ ۶۰۰۰ روپئے دیئے جائیں گے۔ امیت شاہ جی بنیا ہیں اس لیے ان کا حساب کتاب بہت چوکھا ہوتا ہے۔ اس تاریخی بیان میں یہ تسلیم کیا گیا ہے ملک کے ۱۲ کروڑ کسان سرکاری امداد کے مستحق ہیں۔ ان کی حالت اتنی خستہ ہے کہ اگر انہیں سالانہ ۶۰۰۰ روپئے، دو دو ہزار کی تین قسطوں میں بھی دیئے جائیں تو وہ خوش ہو کر کمل پر مہر لگا دیں گے کیونکہ پردھان منتری کسان یوجنا میں ان کا سمان کیا گیا ہے۔ یہ کسانوں کا اپمان ہے یا سمان اس کا فیصلہ تو انتخاب میں ہوگا۔ شاہ جی نے کہا کہ یہ فیصلہ کسان کی آمدنی دوگنا کرنے کی کوشش میں سنگ میل ثابت ہوگا۔ کسانوں کی آمدنی دوگنا ہو جائے گی کا مطلب ہے وہ آگے چل کر ۱۲۰۰۰ روپئے سالانہ کمانے لگیں گے۔ اس سے بہتر حالت میں تو وہ غریب بزرگ ہیں جنہیں حکومت سال میں ۳۶۰۰۰ روپئے پنشن دینا چاہتی ہے۔ امیت شاہ نے بجٹ میں ۷۵ ہزار کروڑ کا ذکر کر کے کسانوں کو متاثر کرنے کی کوشش کی لیکن اس رقم کو ۱۲ کروڑ کسان اور ۱۲ ماہ میں تقسیم کیا جائے تو کل ۵۲۰ روپئے بنتی ہے اس میں سے ۲۰ روپئے رقم کی فراہمی پر خرچ ہو گئے تو ۵۰۰ روپئے ماہانہ بنتے ہیں۔ اس میں غریب کسان کو اپنے بیوی اور بچوں کو پالنا ہے۔ اس سے تو بہتر ہے وہ گائے پالے اس لیے کہ ایسا کرنے پر اسے سرکار کی طرف ۷۵۰ روپئے ماہانہ ملیں گے لیکن یہ بھی نقصان کا سودہ ہے۔ اس رقم میں گائے کے چارے کا خرچ بھی پورا نہیں ہوگا یعنی عبوری بجٹ میں کسان کے ساتھ گئو ماتا کا بھی اپمان کیا گیا ہے۔ جو بھگوا دھاری کسان اس بات پر خوش ہو رہے ہیں کہ ان کے لیے حکومت نے ۷۵ ہزار کروڑ مختص کر دیئے انہیں چاہیے کہ دفاعی خرچ پر بھی ایک نظر ڈال لیں۔ گوئل جی نے دفاعی بجٹ میں ۳ لاکھ کروڑ سے زیادہ کی رقم رکھی ہے یعنی جئے جوان پر ۴ گنا زیادہ اور جئے کسان پر ۴ گنا کم۔ اس خطیر رقم کا کتنا حصہ جوانوں کی فلاح وبہبود پر خرچ کیا جائے گا اور کتنا رافیل جیسے گھوٹالوں کی نذر ہو جائے گا اس کا اندازہ لگانا مشکل نہیں ہے۔ وزیر اعظم چائے کی تجارت کے بجائے اگر کچھ دن زراعت کرتے تو انہیں کسانوں کے مسائل سے تھوڑی بہت واقفیت ہو جاتی۔ ویسے اگر وہ اپنے بھکتوں کے ٹویٹ دیکھنے کے بجائے کچھ وقت اخبار بینی پر صرف کریں تب بھی ان کی معلومات میں تھوڑا بہت اضافہ ہو سکتا ہے۔ پردھان سیوک اگر اپنے دفتر کی خیر خبر لیتے تب بھی انہیں پتہ چلتا کہ دو ماہ قبل پی ایم او کو ناسک ضلع کے کسان سنجے ساٹھے کا ایک منی آرڈر موصول ہوا تھا جسے قبول کرنے سے انکار کر دیا گیا۔ سنجے ساٹھے کی ناراضگی اس لیے تھی کہ اس نے چار مہینے سخت محنت کر کے ۷۵۰ کلو پیاز اگائی مگر اپنی فصل کو اسے صرف ۱۰۶۴ روپے میں بیچنے پر مجبور ہونا پڑا۔ بازار میں پیاز لے جانے اور واپس گھر آنے کے لیے ساٹھے نے کم از کم ۴۹۰ روپئے خرچ کر دیئے ہوں گے۔ اس طرح چار ماہ کی محنت کا معاوضہ ڈیڑھ سو روپئے ماہانہ کے حساب سے کل ۶۰۰ روپئے۔ اس میں اگر مودی جی کا انودان ۵۰۰ روپئے ملا دیئے جائیں تو ۶۵۰ روپئے بنتے ہیں۔ ناسک میں تو خیر ساٹھے نے مول بھاؤ کر کے ایک روپیہ چالیس پیسے فی کلو کے نرخ پر پیاز فروخت کی لیکن بیچ میں تو وہ ۵۰ پیسہ فی کلو کے حساب سے خریدی گئی۔ ایسے میں اگر کسان قرضدار بھی ہے تو وہ خودکشی نہ کرے تو کیا کرے؟ سچ تو یہ ہے کہ سرکاری مدد کی ایک قسط ۲۰۰۰ روپئے میں تو کسان کے انتم سنسکار بھی ممکن نہیں ہے۔ ملک کا کسان شاذ و نادر ہی بی جے پی کے چنگل میں پھنستا ہے لیکن شہروں میں رہنے والا متوسط طبقہ اس جماعت کا سب سے وفادار ووٹر ہے۔ پیوش گوئل نے ان میں سے ٹیکس ادا کرنے والے ۳ کروڑ لوگوں پر خصوصی عنایت کرتے ہوئے پانچ کروڑ تک کی آمدنی کو ٹیکس سے راحت دی ہے۔

غریبوں کا مفت علاج

وزیراعظم عمران خان نے پیر کو اسلام آباد میں صحت انصاف کارڈ کا افتتاح کر کے ملک کے 8 کروڑ غریبوں کی دعائیں لیں جنہیں اس اسکیم کے تحت مرحلہ وار مخصوص اسپتالوں میں امراض قلب، کینسر، ذیابطیس، ڈائیلاسز اور دوسری موذی بیماریوں کے مفت علاج کی سہولتیں حاصل ہو جائیں گی ہر غریب خاندان اس کارڈ کے ذریعے 7 لاکھ 20 ہزار روپے تک کا علاج حکومتی خرچ پر کرا سکے گا پہلے مرحلے میں اسلام آباد کے 85 ہزار مستحقین میں ہیلتھ انشورنس کارڈ تقسیم کئے گئے 20 فروری سے پنجاب کے 4 اضلاع میں یہ پروگرام شروع ہوگا جس سے ایک ماہ میں ڈیڑھ کروڑ غریب فائدہ اٹھائیں گے اس کے بعد قبائلی اضلاع میں اس اسکیم پر عملدرآمد ہوگا تاکہ وہاں کے لوگ بھی علاج معالجے کی مفت سہولت حاصل کر سکیں اگرچہ یہ کوئی نئی اسکیم نہیں ہے میاں نواز شریف نے بطور وزیراعظم 2015 میں یعنی چار سال قبل پرائم منسٹر نیشنل ہیلتھ پروگرام متعارف کرایا تھا جس کے تحت اسلام آباد کے علاوہ بلوچستان، پنجاب، گلگت، بلتستان اور آزاد کشمیر کے مختلف اضلاع میں ہیلتھ کارڈ تقسیم کئے گئے تھے جنہیں پاکستان کو فلاحی مملکت بنانے کے پروگرام کا حصہ قرار دیا گیا تھا اس وقت خیبر پختونخوا میں تحریک انصاف کی حکومت نے اس اسکیم کا حصہ بننے سے انکار کر دیا تھا کیونکہ مسلم لیگ ن کی وفاقی حکومت کے اس پروگرام کے لئے مالیاتی شراکت داری قبول کرنا پڑتی اس کی بجائے اس نے صوبے میں اپنا الگ پروگرام شروع کر دیا جس کا وزیراعظم نے اسلام آباد کی تقریب میں

خصوصی ذکر کیا اور کہا کہ وہاں 69 فیصد خاندانوں کو معیاری صحت سہولیات مفت مل رہی ہیں تاہم سابق حکومت کے مقابلے میں تحریک انصاف کی حکومت نے اس اسکیم میں کچھ تبدیلیاں بھی کی ہیں جن سے غریب لوگ فائدہ اٹھا سکتے ہیں صحت انصاف کارڈ کے تحت ڈیڑھ لاکھ روپے سے کم آمدنی والوں کو بھی یہ سہولت ملے گی بشرطیکہ انشورنس پلان میں وہ بھی کچھ حصہ ڈالیں صحت کارڈز ان لوگوں کو بھی ملیں گے جن کی بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام میں نشاندہی کی گئی ہے اور جن کی آمدنی دو ڈالر یومیہ تک ہے اسکیم کے تحت ایک ہزار روپے ٹرانسپورٹ چارجز کے طور پر ادا کئے جائیں گے اور مریض کی موت کی صورت میں 10 ہزار روپے کفن دفن کے لئے دیئے جائیں گے وفاقی وزیر صحت عامر محمود کیانی نے بعد میں وزیر اطلاعات فواد چوہدری کے ساتھ ایک پریس کانفرنس میں اسکیم کی ہمہ گیر افادیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ 2030 تک ملک کے ہر شہری کو صحت انصاف کارڈ دیئے جائیں گے وزیراعظم عمران خان نے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صحت کارڈ کے اجرا کا مقصد غربت میں کمی ہے ہمیں احساس ہے کہ لوگ مشکل حالات سے گزار رہے ہیں ہماری کوشش ہے کہ ان کے لئے آسانیاں پیدا کریں اور ہماری ہر پالیسی کا محور غربت کا خاتمہ ہے وزیراعظم درست کہتے ہیں صحت کے اخراجات حکومت برداشت کرے گی تو نادار خاندانوں کو اس سے بچنے والے پیسے سے اپنی دوسری ضروریات پوری کرنے کا موقع ملے گا۔ اس امر میں کوئی شک نہیں کہ پاکستان صحت عامہ کی سہولتوں کے اعتبار سے دنیا میں بہت پیچھے رہ گیا غریب طبقات کے مفت معالجے کے لئے ملک بھر میں سرکاری اسپتال موجود ہیں صرف پرچی کٹوانے کی معمولی فیس دینا پڑتی ہے مگر غریب مریضوں سے ان اسپتالوں کے عملے اور ڈاکٹروں کا رویہ عموماً بے رحمانہ تصور کیا جاتا ہے مرض کی تشخیص پر پوری توجہ دی جاتی ہے نہ دوائیاں دی جاتی ہیں آئے روز طبی عملے کی عدم توجہی کی شکایات منظر عام پر آتی ہیں بعض مریض اسپتال میں داخلہ ملنے سے پہلے دم توڑ دیتے ہیں ایک ایک بیڈ پر تین تین مریضوں کو ڈال دیا جاتا ہے ان حالات میں صحت کارڈ اسکیم اپنی اہمیت کے اعتبار سے بہت فائدہ مند ہے مگر یہاں بھی سخت مانیٹرنگ سسٹم درکار ہے حکومت کو یقینی بنانا ہوگا کہ اس اسکیم سے صرف مستحقین ہی فائدہ اٹھائیں صحت کارڈ حقیقی ضرورت مندوں کو ملیں تو یقیناً ملک سے بیماریوں کے خاتمے میں مدد ملے گی۔

جام اور ناقص ٹریفک نظام کا متبادل کیا؟

جموں کشمیر میں بڑھتے ٹریفک اور سڑکوں پر براجماں گاڑیوں سے ریل سروس کے ذریعے مسافروں کو قدرے راحت اور آرام ملا جس سے مختصر وقت کے ساتھ ساتھ کم کرایہ میں سفر کرنا آسان ہوتا ہے۔ ریل سروس سے بالائی علاقوں کو زیادہ فائدہ تو نہیں مگر پائینی علاقوں نے ریل سروس کی بحالی سے بڑی حد تک راحت محسوس کی۔ اس بات سے انکار نہیں کیا جا سکتا ریل سروس کا پوری وادی میں بیک وقت بحال کرنا کار دشوار تھا لیکن برائے نام اس سروس کو رکھنا بھی کوئی احسن کام نہیں ہے۔ عارضی طور پر ریل سروس کو قائم کرنے سے لوگوں کی ضرورتیں دن بدن گھٹنے کے بجائے بڑھتی جارہی ہے۔ اگر واقعی دوسری ریاستوں کی طرح ریاست جموں کشمیر میں بھی ریل سروس کو مستقل طور پر بحال کیا جاتا تو آئے روز لوگوں کی جانب سے شکایتیں اور دیگر اعتراضات سننے کو نہیں ملتے۔ بارہمولہ سے بانہال صبح وشام چلنے والی ریل گاڑیوں میں روزانہ سفر کرنے والے زیادہ تر مسافر سرکاری ملازم، کاروباری افراد، اور کالجوں و یونیورسیٹوں میں زیر تعلیم طلبہ ہوا کرتے ہیں، تاہم دفتری اور اسکولی اوقات میں یکم مارچ سے ہوئی تبدیلی کے بعد اب روزانہ ریل گاڑیوں میں سفر کرنے والے ان مسافروں کو سخت مشکلات درپیش ہیں۔ کیونکہ موجودہ نظام الاوقات کے تحت نہ تو وہ وقت پر دفتر، کالج، یونیورسٹی اور دیگر مقصود مقامات تک پہنچ پاتے ہیں اور نہ ہی وہ وقت پر اپنے گھروں تک پہنچ پاتے ہیں۔ موجودہ ریل اوقات میں صبح 7:30 اور 9:30 بجے ریل اپنے منزل کی نکل پڑتی ہے جس سے نہ ہی طلبہ اپنے کلاسز اٹنڈ کر پاتے ہیں اور نہ ہی ملازمین و دیگر مسافر طے شدہ مقامات پر بروقت پہنچ جاتے ہیں، بہ سبب ایں ملازمین و دیگر مسافروں کے ساتھ ساتھ طلبہ نے بھی ریل انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ وہ نظام الاوقات میں تبدیلی لائے تاکہ مسافر آسانیوں کے باوجود مشکلات کے شکار نہ ہو جائے۔ ریل انتظامیہ اور حکومت باہم اس اہم اور لازم وملزوم شعبہ کو منظم اور مضبوط کرنے کی ٹھان لے۔ پائینی علاقوں میں مضبوط ومنظم اور بالائی ولاقوں میں بھی بحال کرنے کی ضرورت ہے تاکہ وہ علاقے بھی خود کو 21 ویں صدی میں محسوس کریں۔ ریل سروس کے بحال ہونے سے اگرچہ باغات اور دیگر آبی زمین کے ساتھ ساتھ کثیر تعداد میں اراضی ریل پٹری تلے ہمیشہ کیلئے مفقود ہوئی مگر لوگوں نے دوسری طرف سے قدرے راحت بھی پالی۔ ایک چیز کے کھونے سے اگر دوسری چیز اس سے مفید ثابت ہو جائے تو کھوئی ہوئی چیز کے نقصان کا دکھ نہیں ہوتا۔ مگر یہ تبھی ممکن ہوگا جب کہ اس سروس کو مزید فعال اور منظم کیا جائے گا تاکہ مسافروں کو کسی طرح کی کوئی شکایت نہ رہے۔ لہٰذا انتظامیہ مسافروں کی آسانی اور آسائش کے لئے وقت پر ریل اور مسافروں کی کثیر تعداد کو مدنظر رکھ کر مزید ڈبوں کا نظم کرے تب جا کے کسی قدر یہ بس سروس سے منظم اور مفید ثابت ہو سکتی ہے۔ لوگ اپنے اوقات اور نے جا پیسہ ضائع نہ ہونے کی غرض سے ریل سروس کو بس سروس کے بالمقابل ترجیح دیتے ہیں اس لئے لوگوں کی امیدوں کی قدر کی جائے۔

بھارت کینسر سے لڑنے کیلئے کتنا تیار ہے؟

روہش کمار

بھارت کینسر سے لڑنے کے لیے کتنا تیار ہے؟ میٹروز کو چھوڑ ریاستوں کے دارالحکومتوں اور شہروں میں کینسر سے جنگ کی ہماری تیاری کیا ہے؟ گوا کے وزیر اعلیٰ منوہر پاریکر کینسر کا شکار ہیں۔ بیرون ملک بھی علاج کے لیے گئے اور پھر واپس آکر ایمس میں بھی علاج کروایا۔ منوہر پاریکر تو لڑ رہے ہیں۔ جب ہم کہتے ہیں کہ فلاں فلاں کینسر سے لڑ رہے ہیں تو ہمارا کیا مطلب ہوتا ہے، کیا ہم یہ مان کر چلتے ہیں کہ کینسر سے لڑنا مریض کی ذمہ داری ہے یا پھر ہماری اداروں کو اس جنگ کے لیے تیار رہنا چاہیے۔

بنگلور جنوب سے بی جے پی کے 6 بار ایم پی رہے اننت کمار کا انتقال ہو گیا۔ اننت کمار کو کینسر تھا۔ 59 سال کی زندگی میں اننت کمار نے طویل سیاسی سفر طے کیا۔ 1996 میں 37 سال کی عمر میں پہلی بار رکن پارلیمنٹ بنے اور تب سے اس سیٹ پر انہیں کوئی نہیں ہرا سکا۔ آنت کا کینسر ایک مشکل بیماری ہے۔ علاج کو لے کر قیاس لگانا بالکل مناسب نہیں ہوگا، لیکن کیا ہم اننت کمار کے بہانے ہی سہی، کینسر سے لڑنے کی اپنی تیاری اور عزم پر بات کر سکتے ہیں۔ اگر ہمارے لیے یہ سوال اہم نہیں ہے تو پھر ہمیں سوچنا چاہیے کہ اننت کمار کا انتقال کیا عام بات ہے۔ مرکزی وزیر رہے ہیں۔ بی جے پی کی پارٹی میں اہم نیتا رہے ہیں۔ ظاہر ہے علاج میں کوئی کسر نہیں رہی ہوگی۔ وزیر اعظم اور امت شاہ نے ان کے انتقال پر گہرا دکھ ظاہر کیا ہے۔ دیگر جماعتوں کے نیتا راہل گاندھی سے لے کر نتیش کمار تک نے افسوس ظاہر کیا ہے۔

کینسر پر پہلے بھی پرائم ٹائم پر بات کرتا رہا ہوں، لیکن آج پھر سے کہنا چاہتا ہوں کہ ہم کہاں تک پہنچے ہیں؟ بھارت میں تین لاکھ مریض کینسر سے مر جاتے ہیں۔ دنیا کینسر پر جیت حاصل کرنا چاہتی ہے، جیت بھی رہی ہے مگر اس کی قیمت بہت زیادہ ہے۔ کینسر کے مریض دوہرے جھٹکے سے گزرتے ہیں۔ اخراجات سے اور زندگی سے۔ لاکھوں لوگ کینسر سے بچ بھی جاتے ہیں۔

اوباما جب صدر تھے، اس وقت کے نائب صدر بیڈین کے بیٹے کا دماغ کے کینسر سے انتقال ہو گیا۔ بیڈین نے استعفیٰ دے کر کینسر سے لڑنے کا عہد کر لیا۔ امریکہ بھر میں گھومے۔ کینسر پر ریسرچ کرنے والوں سے ملاقات کی، ڈاکٹروں سے بات کی اور ایک نیٹ ورک بنایا۔ بہت کم وقت میں بیڈین نے ایک پلان بنا کر اوباما کو دے دیا جسے وائٹ ہاؤس مون شاٹ کہتے ہیں۔ بیڈین نے اس کے لئے ایک قانون بھی پاس کروایا جسے 21st century cancer act کہتے ہیں۔ کیا ہندوستان میں کچھ ایسا ہو رہا ہے، جس سے لگے کہ ہم بھی اس ضد پر ہیں کہ کینسر کو قابو میں کیا جا سکتا ہے۔ اچھے ڈاکٹر ہیں مگر کیا سب کے لیے یہ ڈاکٹر دستیاب ہیں۔ اس سوال پر ڈاکٹر ابھیشیک نے بتایا کہ برطانیہ میں دس لاکھ کی آبادی پر 3 سے 4 ریڈیشن تھراپی مشین ہیں۔ بھارت میں ایک ہے۔ پرائیویٹ اور سرکاری طور پر 650 سے زیادہ مشینیں نہیں ہیں۔ ڈاکٹر ابھیشیک کے مطابق ہندوستان کو 1300 اس طرح کی مشینوں کی ضرورت ہے۔ ایک مشین 7-8 کروڑ کی آتی ہے۔ یہ تو ایک مثال ہے۔ سرکاری اسپتالوں میں کہیں مشین ہے تو ڈاکٹر نہیں، ڈاکٹر ہے تو مشین نہیں۔

بہت سے لوگ تو اسی سوال سے آگے نہیں بڑھ پاتے ہیں کہ نہ شراب، نہ سگریٹ نہ الٹا سیدھا کھانا، پھر کینسر کیسے ہو گیا۔ ویسے سگریٹ تمباکو والوں کو کینسر ہونے کے زیادہ خطرے ہوتے ہی ہیں۔ کینسر کے کئی فارم ہیں۔ کئی وجوہات ہیں۔ بھارت میں اسے امیروں کی بیماری کے طور پر دیکھا گیا، مگر اس بیماری سے اب کوئی نہیں بچا ہے۔ حکومت کے پروگرام چلتے رہتے ہیں۔ بہت ساری تنظیمیں کینسر کو لے کر اچھا کام کر رہی ہیں، مگر یہ تمام مدد کی سطح پر ہیں۔ ریسرچ کی سطح پر ہماری کیا پیش رفت ہے۔ دنیا نے کینسر کے معاملے میں کیا پیش رفت کی ہے؟ اس پر بات کرنی چاہیے، جتنی بھی بات کریں وہ کم ہی ہے۔

ایک اندازے کے مطابق 2020 میں دنیا کی آبادی 7-5 ارب ہو جائے گی اور ان میں سے تقریباً ڈیڑھ کروڑ کینسر کے نئے مریضوں کی شناخت ہوگی۔ ایک کروڑ 20 لاکھ لوگوں کی موت کینسر سے ہوگی۔ 2020 تک بھارت میں 25 لاکھ کینسر کے مریض ہوں گے اور اس سے ہونے والی موت کی تعداد 3 ملین سے بڑھ کر ساڑھے پانچ لاکھ ہو جائے گی۔ بھارت میں سب سے زیادہ کیس بڑی آنت کے کینسر کے ہوتے ہیں جسے اسٹمک کینسر کہتے ہیں۔ کینسر کے کل صورت میں سے ٪9 اسٹمک کینسر، 8-2 فیصد بریسٹ کینسر، 7- ٪5 لنگ کینسر، منہ کا کینسر 7- ٪2، فیرنکس کینسر 6- ٪8، کولن اور ریکٹم کینسر 5-8 فیصد، بلڈ کینسر 5- ٪2، سروائکل کینسر 5- ٪2 ہے۔

اگر فی لاکھ لوگوں پر کینسر کی بات کریں تو بھارت اس معاملے میں کافی پیچھے ہے۔ Institute of Health Metrics and Evaluation,Washington University کی 2016 کی رپورٹ کے مطابق بھارت میں فی لاکھ لوگوں پر کینسر کے 106-6 نئے کیس تھے۔ اس معاملے میں دنیا کے سب سے اوپر دس ممالک میں آسٹریلیا 743.8 کے ساتھ پہلے نمبر پر تھا۔ اس کے بعد فی لاکھ پر 542.8 نئے کیس کے ساتھ نیوزی لینڈ دوسرے اور 532.9 کے ساتھ امریکہ تیسرے نمبر پر تھا۔ یہ سب ہمیں ریسرچ میں ملا ہے۔

مترجم: محمد اسعد فلاحی

انتخابات میں بے روزگاری کا مدعا کہاں اٹھ رہا ہے؟

روہش کمار

بے روزگاری کا مسئلہ سنگین ہوتا جا رہا ہے۔ اگرچہ بے روزگاری کے بعد بھی کسی کے الیکشن جیتنے یا ہارنے پر اثر نہ پڑے۔ میں آپ کو اپنا تجربہ بتاتا ہوں۔ ہر دن نوجوان نوکری کو لے کر میسیج کرتے ہیں۔ کسی کا امتحان ہو چکا ہے رزلٹ نہیں آ رہا۔ کسی کا رزلٹ آ گیا ہے مگر لیٹر نہیں آ رہا ہے۔ یہ لائن میں پرائم ٹائم میں اپنی نوکری سیریز کے دوران پچاسوں بار بول چکا ہوں۔ کسی بھی ریاست کے انتخاب کمیشن میں کوئی بہتری نہیں ہوئی ہے۔ ان نوجوانوں کی پرواہ کسی کو نہیں ہے، یہ الگ بات ہے کہ انہیں بھی اپنی پرواہ نہیں ہے۔ اس کے بعد بھی میں نے دیکھا ہے کہ یہ اپنی نوکری کے لیے بعد میں کافی جدوجہد کرتے ہیں مگر انتخاب کمیشن اتنے مشہور ہو چکے ہیں انہیں فرق نہیں پڑتا۔ نیتاؤں کو لگتا ہے کہ پولیس کی لاٹھی سے پٹوا کر بے روزگاروں کا غصہ ٹھنڈا کر لیں گے لیکن اس سے بھی ہو نہیں رہا ہے۔ بے روزگاری کو لے کر کچھ زیادہ سنگین ہونے کی ضرورت ہے۔ یوتھ کو سیلفی چاہئے ایسی سمجھ سیاستدان کی ہو سکتی ہے مگر یوتھ کو معلوم ہے کہ اسے نوکری چاہئے۔ الور میں جو واقعہ ہوا ہے، اگر اس واقعہ سے بھی نوکری کے سوال پر ہونے والی بحث ایمانداری سے نہیں ہوگی تو پھر کب ہوگی۔

22 نومبر کو راجستھان پتریکا، سامنے کے صفحے کی یہ ہیڈ لائن ڈرا دینے والی ہے۔ نوکری لگے گی نہیں جی کر کیا کریں گے، کہہ کر ٹرین کے آگے کودے 4 دوست، 3 کی موت۔ اس خبر کو دیکھنے کے بعد کچھ اور سوچ نہیں پایا۔ نیوز چینلز کی ترجیح سے اب ایسی خبریں غائب ہو چکی ہیں۔ ہندو مسلم ڈیبیٹ کے علاوہ ٹائم نہیں ہے۔ سارا ٹائم اس قسم کے فرضی ڈیبیٹ میں جا رہا ہے۔ سوچئے

چار دوست مل کر ٹرین کے آگے کود جائیں کہ نوکری نہیں ملے گی تو جی کر کیا کریں گے، اگر اس وقت بھی ہم بے روزگاری کے سوال کو کانگریس بی جے پی کے کھانچے میں دیکھتے رہیں گے تو یہ ان نوجوانوں کے ساتھ انصاف نہیں ہوگا، جو نوکری کی آس میں اپنی زندگی تمام کر رہے ہیں۔ اخبار نے لکھا ہے کہ واقعہ کے عینی شاہد ایک اور دوست کے مطابق خودکشی سے پہلے چاروں دوستوں نے کہا تھا کہ نوکری لگے گی نہیں تو جی کر کیا کریں گے۔ 24 سال کے منوج مینا، 22 سال کے ستیہ نارائن مینا، ایک کی عمر تو 17 سال ہی ہے۔ 22 سال کے ابھیشیک مینا الور میں رہ کر پڑھائی کر رہے تھے۔ یہ خبر عام نہیں ہے۔ ستیہ نارائن نے دوستوں سے پوچھا کہ یار اب تو جینے سے تنگ آ گئے ہیں۔ ہم سب تو مریں گے، تو بھی مرنا چاہتا ہے کیا۔ راہل نے کہا کہ میں کیوں مروں۔ میرے گھر والے کیا کریں گے۔ ستیہ نارائن بولا کہ دیکھ نوکری لگے گی نہیں اور کھیتوں میں کام ہم کریں گے نہیں تو جی کر کیا کریں گے۔ دوسروں کو تکلیف ہی دیں گے۔ اور اس طرح 4 دوست آتی ہوئی ٹرین کے نیچے چلے گئے۔ 3 کی موت واقعہ کے مقام پر ہی ہو گئی۔

ہمارے ساتھی مدت نے راہل مینا سے بات کی جو اس وقت واقعہ کے مقام پر موجود تھا۔ پولیس کی تحقیقات سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ چاروں دوست زندگی سے بور گئے تھے کیونکہ نوکری نہیں لگ رہی تھی۔ اچھا ہوتا زندگی جینے اور جدوجہد کرتے۔ لیکن جو جدوجہد کر رہے ہیں کیا ہماری انتظامیہ انہیں جینے دے رہی ہے؟ آپ کو کسی بھی ریاست کے انتخاب کمیشن سے متعلق خبروں کو نکال کر دیکھئے۔ خود انکوائری جمع کیجیے۔ بحالی کے امتحانات چوری، پیروی اور دلالی کی خبروں سے بھری ہوئی ہیں۔ بے روزگاری مایوسی پیدا کرتی ہے۔ پر کیا جہاں انتخابات ہو رہے ہیں وہاں نوکری کا سوال بڑا سوال ہے۔ سماج بھی ایماندار نہیں ہے اس سوال پر۔ نیتا تو ایماندار ہوتا ہی نہیں ہے۔ بھارت میں طالب علموں کو خودکشی کر لینا عام بات ہو گئی ہے۔ آج کے بزنس سٹینڈرڈ میں چھپا ہے کہ کس طرح مدھیہ پردیش کے انتخابات میں روزگار بڑا مسئلہ ہو گیا ہے۔

مدھیہ پردیش میں 2015 میں 579 نوجوانوں نے بے روزگاری کی وجہ سے خودکشی کی تھی۔ اس ملک میں سب سے زیادہ تھی۔ تمل ناڈو، مہاراشٹر اور گجرات سے بھی زیادہ۔

بیچ میں نوکری کو لے کر بحث شروع ہوئی تھی، آج تک حکومت کوئی بہتر نظام نہیں بنا پائی۔ دراصل ایسا نظام کا نہ ہونا ہی بہتر ہے کیونکہ آپ جان ہی نہیں پائیں گے کہ کتنوں کو روزگار ملا کتنوں کو نہیں ملا۔ تو ایک نیا سسٹم آیا EPFO کے اعداد و شمار کا۔ پہلے اس کا ڈیٹا جاری ہوا اور جشن منا کہ نوکریاں ملنے لگی ہیں۔ یہاں تک کہ وزیر اعظم نریندر مودی بھی جولائی کے مہینے میں لوک سبھا میں یہ اعداد و شمار پر دم بھر آئے اور کہہ دیا کہ ستمبر 2017 سے مئی 2018 کے درمیان 45 لاکھ نئے رجسٹریشن ہوئے ہیں۔ یعنی نوکریاں ملی ہیں۔ بعد میں یہ اعداد و شمار سدھرتے سدھرتے اتنے کم ہو گئے کہ اس کے بارے میں وزیر اعظم ابھی ٹویٹ بھی نہیں کرتے اور نہ ہی اپنی تقریروں میں ذکر کرتے ہیں۔

21 نومبر کے انڈین ایکسپریس میں خبر شائع ہوئی خبر کی سرخی ہی یہی ہے کہ EPFO کے اعداد و شمار کا استعمال روزگار کے پراکسی یعنی ایک طرح سے فرضی طریقے سے نہ کریں۔ بتائیے۔ جولائی میں لوک سبھا میں ایوان میں وزیر اعظم جس کے اعداد و شمار کو بول آتے ہیں اور جب اس میں ترمیم ہوتی ہے تو حکومت کچھ بولتی ہی نہیں ہے۔

کرمچاری بھوشیہ نِدھی فنڈ تنظیم EPFO کے اعداد و شمار میں ترمیم کے بعد کافی کمی آئی ہے۔ پہلے بتایا کہ ستمبر 2017 سے مارچ 2018 کے درمیان 39-35 لاکھ نئے رجسٹریشن ہوئے۔ ترمیم کے بعد یہ گھٹ کر 29-77 لاکھ پر آ گیا ہے۔ یعنی 24-4 فیصد کم ہو گیا ہے۔

باقیات

101
کرنٹ اور پانی کی سطح زیادہ ہونے کی وجہ سے، بچاؤ آپریشن کامیاب نہیں ہوسکا اور ٹینک کا عملہ اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھا۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ فوج کو پانچ بہادر اہلکاروں کے نقصان پر افسوس ہے۔

102
میں 5 بہادروں کے نقصان پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہیں سوگوار خاندانوں سے گہری تعزیت"۔

103
کہ پولیس نے حالات پر قابو پانے کے لیے ہوائی فائرنگ بھی کی۔ اس کے بعد زخمیوں کو علاج کے لیے ضلع اسپتال لے جایا گیا، جہاں ان کا علاج جاری ہے۔ اس واقعہ سے علاقے میں حالات کشیدہ ہو گئے ہیں۔ سب دیکھتے ہی پولیس اور انتظامیہ کے اعلیٰ افسران موقع پر پہنچ گئے۔ وہ واقعہ پر نظر رکھے ہوئے ہے۔

104
کے مطابق نیٹ پیپر لیک معاملے میں جانچ کی کارروائی سی بی آئی کی طرف سے بہت تیز کر دی گئی ہے۔ پہلے جھارکھنڈ کے ہزاری باغ میں چھاپہ ماری اور پوچھ تاچھ کی کارروائی زور و شور سے دیکھنے کو ملی، اور اب گجرات میں 7 مقامات پر سی بی آئی کی ٹیم نے چھاپہ ماری کی ہے۔

105
کے پیش نظر میٹنگ میں شامل نہ ہونے کا فیصلہ لیا ہے۔ وزیر اعظم مودی تقریباً پانچ سالوں میں اس ملک کے اپنے پہلے دورے میں 8 سے 9 جولائی تک روس کا دورہ کرنے والے ہیں۔

106
ڈویژنل مجسٹریٹ کو کرناگ نائب تحصیلدار کی عدم تعمیل کے معاملے کی انکوائری کریں گے جبکہ افسر اپنی مدت کے دوران اپنے دفتر کے ساتھ منسلک رہے گا۔

107
قمر کے مطابق اس صورتحال کے کئی پہلو اور وجوہات ہیں جس میں طویل عرصے سے جاری موسمیاتی تبدیلیوں کے مسائل کے علاوہ کچھ وجوہات کسی ایک سیزن اور طویل عرصے پر بھی محیط ہوتی ہیں۔ ان موسمیاتی تبدیلیوں کی بدولت لگتا ہے کہ بھارت کو اب مستقل طور پر آبی وسائل کی کمی کا سامنا رہے گا جبکہ اس میں ہر سال موسمی صورتحال کی بنا پر اونچ نیچ ہو سکتی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق گلیشیئرز پر جب سورج کی شعاعیں پڑتی ہیں تو وہ پگھلتے ہیں اور پانی دیتے ہیں لیکن اس وقت دیکھا جا رہا ہے کہ گلیشیئرز والے علاقوں پر بادل چھائے ہوئے ہیں جس کی وجہ سے گلیشیئر معمول سے کم پگھل رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ جس وقت بھی بادل چھٹیں گے تو گرمی کی لہر پیدا ہو گی جس سے توقع کی جاتی ہے کہ گلیشیئر پگھلیں گے اور مجموعی طور پر دریاؤں بالخصوص دریائے سندھ میں پانی کی صورتحال بہتر ہو گی جس سے صورتحال بہتر ہونے کا امکان پیدا ہو گا۔ ڈاکٹر کا کہنا تھا کہ اس وقت موسمیاتی تبدیلی کے اثرات واضح طور پر نظر آ رہے ہیں۔

108
